صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان

کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کیثر الاشاعت اخبار

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA

MEMBER A.P.N.S

روزنامہ

عسکر انٹرنیشنل

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ

رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

Dailyaskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com

جلد نمبر 24 | بروز ہفتہ 28 نومبر 2026ء / 18 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 32

صوبہ بیک ڈور سے نہیں بنائیں گے جنوبی پنجاب صوبے کی حمایت اس لیے کرتے ہیں کیونکہ پنجاب ابصلی اور یہاں کے عوام یہی چاہتے ہیں

صرف جنوبی پنجاب صوبہ بنے گا

انتقامی سیاست کا وقت ختم!

بلاول بھٹو کا عوام کو پیغام

روٹی یا دوائی عوام پریشان ہیں

اب مسائل حل ہوں گے

بلاول بھٹو زرداری

عوام پریشان ہیں، دو وقت کی روٹی کھائیں یا ادویات خریدیں، کسان، کاشتکار، مزدور پریشان ہیں، صوبہ بیک ڈور سے نہیں بنائیں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی

رحیم یار خان (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) | پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صرف جنوبی پنجاب کے صوبے کی حد تک بات ہو سکتی ہے۔ پنجاب کے شہر رحیم یار خان میں ریلی کے | (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ملاقات

وزیراعظم نے ریلوے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کردی

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم محمد | (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر پاور سردار اویس لغاری کی ملاقات

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم محمد | (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ

علاقائی امن و سلامتی اور کثیرالجہتی فورمز پر تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) نائب | (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ایس ایم ای فنانسنگ (SME Financing) سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چھوٹے تاجروں کیلئے بڑی خوشخبری

اب جائیداد کے بغیر بھی ملے گا بینک قرضہ

وزیراعظم کا تاریخی فیصلہ

ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک رسائی اور کاروباری دستاویزات کی تیاری میں بھرپور معاونت کی جائے

ایس ایم ایز کو قرضوں کی فراہمی کے مقررہ اہداف حاصل کرنے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم کی | ایس ایم ایز کی مالی وسائل تک رسائی، کاروباری | (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی اہم پریس کانفرنس، اسلام آباد میں تارڑ گرج پڑے! مولانا کو کھلا چیلنج، تصادم بند کرو، پاکستان پہلے ہے!

عطا تارڑ کا مولانا فضل الرحمان کو کھلا چیلنج! فیصلہ کرو پاکستان کے ساتھ ہو یا طالبان کے ساتھ

مشرف کا ایل ایف او منظور کرانے والے مولانا فضل الرحمان آج جمہوری حکومت کے ریفرنڈم کو غلط قرار دے رہے ہیں صوبوں سے متعلق معاملہ پارلیمان میں آیا تو تحریک انصاف سے بھی رائے لی جاسکتی ہے

مولانا کے حالیہ بیانات اور گزشتہ چند دنوں کے طرزِ عمل سے ایسا لگ رہا ہے جیسے وہ خود تصادم چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مخالف اور افغانستان کی حمایت میں بیانیہ بنانے کی حد تک نہیں جانا چاہیے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر عطا تارڑ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہیں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے یا افغانستان اور طالبان کے ساتھ، وہ ایک عسکری جماعت کی طرح برتاؤ کررہے ہیں، انہیں ایک قدم پیچھے ہٹ کر راستے نکالنے چاہئیں۔ اپنے | ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان کے بیانات پر ردِعمل | دیتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا احتجاج کوئی اتنی بڑی بات نہیں، معمولی ٹریفک جام ہوتے | رہتے ہیں تاہم مولانا فضل الرحمان کی جماعت کے | (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کیلئے 46 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے دو قرضوں کی منظوری

قرضوں سے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں آبپاشی، پانی کے انتظام اور زرعی نظام کو بہتر بنایا جائے گا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے لیے 46 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے دو قرضوں کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے مطابق ان قرضوں سے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں آبپاشی، پانی کے انتظام اور زرعی نظام کو بہتر بنایا جائے گا اور منصوبوں سے 7 لاکھ 28 ہزار افراد مستفید ہوں گے جبکہ غذائی تحفظ کو بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ اے ڈی بی اعلامیے میں بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا کے لیے 20 کروڑ 80 | (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترک صدر نے مکہ دفاعی معاہدے کی باضابطہ منظوری دیدی

ترکیہ سعودی عرب میں فوج کی تعیناتی کی اجازت کیلئے پارلیمنٹ میں قرارداد بھی پیش کرے گا

انقرہ (اے این این) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ مکہ دفاعی معاہدے کی باضابطہ منظوری دیدی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر اردوان کی منظوری کے بعد ترکیہ میں معاہدے کی توثیق کا عمل مکمل ہوگیا۔ ترکیہ کی پارلیمنٹ نے 5 نومبر کو مشترکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کی تھی۔ ترکیہ سعودی عرب میں فوج کی تعیناتی کی اجازت کیلئے پارلیمنٹ میں قرارداد بھی پیش کرے گا۔ ترکیہ نیٹو کی دوسری بڑی | (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مکران ڈویژن کے امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جرمن کمپنی کا پاکستان کیلئے فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) ملکی ایوی ایشن انڈسٹری میں اہم پیشرفت، جرمن ایئر لائن یو ایس سی نے پاکستان میں فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) نے جرمن کمپنی یو ایس سی جی ایم بی ایچ کی نامزدگی قبول کرلی، جس کے بعد جرمنی اور | (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

موجودہ انتخابی قوانین کے تحت خواتین کو ٹکٹ دینے کا اختیار سیاسی پارٹی کا ہوتا ہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (یو این اے) الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ موجودہ انتخابی قوانین کے تحت خواتین کو ٹکٹ دینے کا اختیار سیاسی پارٹی کا ہوتا ہے، اس میں الیکشن کمیشن کسی قسم کی مداخلت نہیں کرسکتا۔ جمعہ کو ترجمان الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری وضاحت میں کہا گیا ہے کہ انگریزی کے ایک اخبار میں چھپنے والی خبر جس میں پارلیمانی کمیٹی کی طرف سے الیکشن کمیشن کو | (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

اعظم نذیر تارڑ نے کم عمری کی شادیوں کے خاتمے کے قومی فریم ورک کا افتتاح کردیا

ان شادیوں کے خلاف قانون لازمی نوعیت کا ہے، قانون کی خلاف ورزی پر قانونی نتائج ہوں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کم عمری کی شادیوں کے خاتمے کے قومی فریم ورک کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ کم عمری کی شادیوں کے خلاف | (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

یو اے ای کی کویت پر ایرانی ڈرون حملے کی شدید مذمت، مکمل یکجہتی کا اظہار

ابوظہبی (اے این این) متحدہ عرب امارات نے کویت پر ایران کے ڈرون حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کویتی خودمختاری کی کھلی خلاف ورزی اور ملکی سلامتی و استحکام کیلئے خطرہ قرار دیا ہے۔ حملے کے نتیجے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ کی | (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

محسن نقوی کا اسلام آباد میں سی ڈی اے کے فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ

فائر بریگیڈ سٹیشن سے فائر فائٹنگ گاڑی فوری روانہ ہونی چاہیے، وزیر داخلہ کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں سی ڈی اے کے فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ کیا اور وہاں موجود فائر فائٹنگ گاڑیوں کا معائنہ کیا۔ وزیر داخلہ نے کال سینٹر کا بھی دورہ کیا اور عملے کی موجودگی اور کارکردگی پر انہیں | (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک بھر میں 800 سے زائد ایل پی جی بازرز غیر معیاری ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) ملک بھر میں 800 سے زائد ایل پی جی بازرز غیر معیاری ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ وزارت پیٹرولیم کی دستاویزات کے مطابق ملک بھر میں تقریباً دو ہزار ایل پی جی بازرز کام کر رہے ہیں جن میں سے 800 سے زائد غیر معیاری ہیں۔ درآمدی ایل پی جی کا معیار جانچنے کے لئے انٹری پوائنٹس پر ہائیڈرو کاربن ٹیسٹنگ کا نظام قائم کیا | (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

وفاقی وزیر احد چیمہ کی آئی ایف سی کے علاقائی نائب صدر عماد فاخوری سے ملاقات

ملاقات میں پاکستان اور آئی ایف سی کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کی حمایت اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری میں اضافے | (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

تعلقات کی بہتری کیلئے زیادہ کردار انڈیا کو ادا کرنا پڑے گا، مصدق ملک

کسی بھی گفتگو میں تین بنیادی اصولوں پاکستان کی خودمختاری، وقار اور سلامتی شامل ہیں، ان پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا

دورہ بھارت میں رواداری کی فضا قائم رہی، اچھی مہمان نوازی کی گئی، آن کیمرہ ترشی، آف کیمرہ منطق، گفتگو کے تضاد نے دورہ بھارت کو یادگار بنایا، انٹرویو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ان کے دورہ بھارت کے دوران رواداری کی فضا قائم رہی اور ان کی اچھی مہمان نوازی کی گئی، انہوں نے اس دورے کے نمایاں لمحات کا ذکر کرتے ہوئے کیمرے پر ہونے والی تند و تیز گفتگو اور آف کیمرہ منطق پر مبنی بات چیت کے درمیان پائے جانے والے تضاد کو سب سے یادگار قرار دیا۔ غیر ملکی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں ڈاکٹر مصدق ملک نے بتایا کہ کیمرے کے سامنے بڑی تند وترش باتیں کی جاتی رہیں مگر انہیں وہاں یہ جان کر خوشی ہوئی کہ کیمرے کے پیچھے منطق کی بنیاد پر بات کرنے والے لوگ بھی موجود ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے انڈیا کو ایک اچھا میزبان قرار دیتے ہوئے بتایا کہ وہ وہاں سے تحفے میں ملنے والی کتابیں بھی | (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مجموعی طور پر نمایاں کمی ریکارڈ

پاکستان میں پٹرول 145 روپے اور ڈیزل 174 روپے فی لیٹر سستا ہوگیا

اسلام آباد (یو این اے) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں پٹرول کی قیمت میں 145 روپے 41 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 174 روپے 35 پیسے فی لیٹر کمی ہوئی ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 3 اپریل 2026 کو پٹرول کی قیمت 458 روپے 41 پیسے فی لیٹر ترین سطح پر پہنچ گئی تھی، جو حالیہ کمی کے بعد 313 روپے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 3 | (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

ریفرنڈم کا معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پیش کیا جاسکتا ہے، بیرسٹر عقیل

ریفرنڈم کا طریقہ کار تبدیل کرکے الیکٹرانک طریقہ کار بھی اپنایا جاسکتا ہے، وزیر مملکت قانون وانصاف کا بیان

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہیکہ ریفرنڈم کیمعاملے کو مشترکہ اجلاس میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ ایک بیان بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ معاملہ پارلیمنٹ میں آنے تک سب مفروضے ہیں تاہم | (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کم عمر شادی کے حوالے سے نیشنل فریم ورک کے اجرا کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

مکہ دفاعی اتحاد کا اجلاس آج، یمن تنازع پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

سعودی عرب کے جنوب میں مسلسل جاری بدامنی واضح طور پر اجلاس کے ایجنڈے کا ایک اہم نکتہ ہوگی

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) مکہ دفاعی معاہدے کے تحت اسلام آباد میں آج سٹریٹجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے حکام شریک ہوں گے، اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ کا اعلیٰ سطح | وفد اسلام آباد پہنچ گیا، اجلاس میں یمن تنازع پر بات چیت کی جائے گی۔ واضح رہے کہ اجلاس کے پیش نظر اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج مقامی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے، سکول، کالجز اور دفاتر بند | (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا گوادر میونسپل کارپوریشن کا دورہ، کارکردگی و اصلاحات کا جائزہ

پوری تحصیل گوادر کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کا اعلان، اضافی فنڈز کی فراہمی کی یقین دہانی

گوادر، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دورہ گوادر کے موقع پر میونسپل کارپوریشن گوادر کی عمارت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلدیاتی ادارے کی کارکردگی، انتظامی اصلاحات، دستیاب سہولیات اور صفائی ستھرائی کے نظام کا جائزہ | (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

یہ ہیں خصوصی نشستیں قانون کے مطابق یہ پیپلز پارٹی کو غلط ملیں تو واپس کردے گی ان شاء اللہ

صوبوں کا معاملہ جب تک پارلیمنٹ میں نہیں آتا ن لیگ کو رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں، ول بھٹو کا بیان ٹھیک ہے کسی کو ٹشو پیپر اور کاغذی وزیراعظم، صدر نہیں ہونا چاہیے

بلاول بھٹو اچھے سیاستدان کی مثال بنیں، تاکہ تقلید کریں، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم میں کوئی ٹشو پیپر نہیں بنا، سیاستدانوں کو بیٹھنا چاہیے، معاملات حل کرنے چاہئیں

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ، جب تک پارلیمنٹ میں صوبوں کا معاملہ نہیں آتا ن لیگ کو رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں، پیپلز پارٹی کو مخصوص نشستیں غلط ملی ہیں تو واپس کردیں، ہمیں مخصوص نشستیں قانون کے مطابق ملی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کا سیاست میں مقام ہے، ان کی بات کی وضاحت خود کرسکتے | (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)



صدر آصف علی زرداری کی سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی رہائش گاہ آمد، خیریت دریافت کی اور جلد صحتیابی کی دعا کی، ملاقات میں ملکی امور اور سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال



بیجنگ: وفاقی وزیر احسن اقبال کو چین میں نیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارم کمیشن کے وائس چیئرمین ڈوہائی بنگ سوینئر دے رہے ہیں

تربت میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بم حملہ، 2 اہلکار جاں بحق

دشت میں دھماکے سے 5 اہلکار زخمی، علاقے میں سیکیورٹی سخت

تربت (یو این اے) تحصیل دشت کے علاقے درچکو اور جت کے درمیان سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو ریموٹ کنٹرول بم حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں دو سیکیورٹی اہلکار جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو گئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق دھماکے کے بعد | (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں گیس لیکیج سے گھر میں دھماکہ، خاتون سمیت 2 افراد جھلس کر زخمی

غوث آباد میں گیس دھماکہ، زخمیوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) غوث آباد میں گوبر میدانی کے قریب واقع ایک گھر میں گیس لیکیج کے باعث دھماکہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ایدھی ایمبولینس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو طبی امداد کے | (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

چیئرمین پی ٹی آئی کا مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلیفونک رابطہ، مجوزہ صورتحال پر گفتگو

اگر سنجیدگی اور نیک نیتی سے کوششیں کی جائیں تو ان شاء اللہ حالات میں بہتری آئے گی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے امیر جمعیت علمائے اسلام پاکستان مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور مجوزہ صورتحال پر بات کی۔ بیرسٹر گوہر نے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ روا رکھے گئے سلوک کی مذمت کی اور ان سے یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ایسے عملی اقدامات کرے جن سے کشیدگی مزید نہ بڑھے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے امید ظاہر کی کہ اگر سنجیدگی اور نیک نیتی سے کوششیں کی جائیں تو ان شاء اللہ حالات میں بہتری آئے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے امیر جمعیت علمائے اسلام پاکستان مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ٹیلیفونک | (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری، عوامی مسائل سنے

عوامی خدمت اور مسائل کا فوری حل اولین ترجیح قرار، رابطہ مہم جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت حاجی میر علی مدد جتک نے اپنی رہائش گاہ پر منعقدہ کھلی کچہری کے دوران علاقے کے عوام کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ امور کا جائزہ لیا۔ کھلی کچہری میں علاقے کے عوام، قبائلی معتبرین، سیاسی و سماجی شخصیات اور پارٹی کارکنوں سمیت لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت حاجی میر علی مدد جتک نے عوام سے ان کے مسائل اور مشکلات کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی اور ان کی شکایات کو نہایت غور و توجہ سے سنا۔ عوام نے علاقے کو درپیش مختلف بنیادی مسائل، عوامی ضروریات اور دیگر اہم امور سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ حاجی میر علی مدد جتک نے عوامی مسائل کے حل | (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کا امریکی ایف 16 لڑاکا طیارے کو بھاگنے پر مجبور کرنے کا دعویٰ

امریکی قبضے سے دو ایرانی آئل ٹینکر واپس حاصل کرلئے، کمانڈر ایرانی بحریہ شہرام ایرانی

تہران (جی این ایم) ایرانی پاسداران انقلاب کے شعب تعلقاتِ عامہ نے دعویٰ کیا ہے کہ خلیج میں واقع ہنگام جزیرے کے قریب ایک جدید فضائی دفاعی نظام نے امریکی فوج کے ایف۔ 16 جنگی طیارے کو وارننگ دی، جس کے بعد طیارہ واپس مڑنے پر مجبور ہوگیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ یہ جنگی طیارہ ہنگام جزیرے کے جنوب مشرقی سمندری علاقے میں ایرانی فضائی حدود کے قریب آیا تھا اور مبینہ طور پر قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے بحری جہازوں کو فضائی تحفظ فراہم کررہا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ | (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

قانون سازی کے پیچھے چھپی نیتیں اکثر اداروں کو سمجھ نہیں آتیں، جسٹس (ر) محسن کیانی

میڈیا کو تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت ہے، پیکا قانون صحافی، پارلیمنٹیرینز اور وکلا بھگت رہے ہیں، خطاب

اسلام آباد (اے این این) جسٹس ریٹائرڈ محسن اختر کیانی نے کہا ہے کہ قانون سازی کے پیچھے چھپی نیتیں اکثر اداروں کو سمجھ نہیں آتیں۔ اسلام آباد میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس ریٹائرڈ محسن اختر کیانی نے کہا کہ ہم معاشرے کو قانون کی درست سمجھ نہیں دے پائے، قانون سازی عدلیہ کا نہیں پارلیمان کا کام ہے، قانون کی عملداری کرنے والوں نے جانبدارانہ نقطہ نظر اپنا لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کے بعد اعلیٰ عدالتوں میں تنازع پیدا ہوا، اعلیٰ عدالتوں کے درمیان تنازع پارلیمان حل کرسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا | (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی عرب پر حوثیوں کے ڈرون اور میزائل حملوں کی کوشش ناکام، متعدد اہداف تباہ

جوابی کارروائی میں حوثیوں کے 50 اہداف کو نشانہ بنایا گیا، 117 جنگجو ہلاک و زخمی

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی فوجی اتحاد نے ریاض پر داغے گئے 2 بیلسٹک میزائل اور 8 ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے، جبکہ یمن میں جوابی کارروائی کے دوران حوثیوں کے 50 اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے بتایا کہ 8 ڈرونز میں سے 7 مشرقی صوبے اور ایک جدہ کی اسلامی بندرگاہ کے قریب تباہ کیا گیا۔ دوسری جانب حوثیوں نے جدہ اور جزان کی بندرگاہوں کے علاوہ اس تنورہ آئل ریفائنری کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ سعودی اتحادی افواج نے یمن کے صوبوں صنعا، حدیدہ اور صعدہ میں حوثیوں کے خلاف فضائی کارروائیاں کرتے ہوئے 50 اہداف تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ترکی المالکی کے مطابق ان حملوں میں 117 حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے، جبکہ 87 گاڑیاں اور جنگی ساز و سامان بھی تباہ کردیا گیا۔ علاوہ ازیں یمن کی سرکاری افواج نے حوثیوں کے ٹھکانوں پر 767 حملے کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تاہم فراہم کردہ معلومات میں ان حملوں کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان کی تفصیلات نہ سعودی فوجی اتحاد نے ریاض پر داغے گئے 2 بیلسٹک | (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

(01)

اگر راستے بند نہ کیے جائیں تو مطالبات بہتر ہو سکتے ہیں، یہ ایجاب نہیں لگتا کہ شرف کو اسٹیج کا اہل ایف اونظور کرانے والے مولانا فضل الرحمان آج ایک بھی بھوری حکومت کے ریفرنڈم کو غلط قرار دے سے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے تجارت زے کہا کہ بلاول آج کل پاکستان کا دورہ صدر نفرت، تعلیم کی سیاست کا ہے، یہ وقت عوام کے مسائل حل کرنے کا ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے مزید کہا کہ پہلے کی طرح اب بھی عوام کو دھوکا نہیں چھوڑیں گے، صرف جنوبی پنجاب کے نہیں پورے پنجاب کی بات ہوتی رہی، بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عوام پریشان ہیں، وہ وقت کی روٹی کھائیں یا ادویات خریدیں، کسان، کاشتکار، مزدور پریشان ہیں، صوبہ بیک ڈور سے نہیں بنائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی پنجاب صوبے کی تحریک ختم ہو گئی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے کہا تھا کہ جنوبی پنجاب صوبے کی تحریک کو ختم کر دیں، ہم نے کہا تھا کہ ہمارا مطالبہ پورا ہو گیا ہے

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

کوئٹہ میں گیس پریشر کی کمی اور بھاری بلوں نے عوام کا جینا محال کر دیا

سرد موسم میں گیس ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے، مگر متعلقہ حکام عوامی مشکلات کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں

غیر ضروری اور اضافی بلوں کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور صارفین کو درست بل ارسال کرنے کے ساتھ موسم سرما میں بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی اور بھاری بلوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ سردی کی شدت میں اضافے کے باوجود شہر کے متعدد علاقوں میں عوام کو گیس کی فراہمی میسر نہیں، جبکہ دیگر علاقوں میں بھی گیس پریشر کی صورتحال انتہائی خراب ہے، جس کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)



گوادر ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم اور سیکریٹری صحت مجیب الرحمان میر عبدالغفور لہڑی ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں

لورالائی میں 1122 ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار وسیع کرنے کی ہدایت

ریسکیو سروسز میں ٹریفک حادثات اور قدرتی آفات کو بھی شامل کیا جائے، کمشنر ولی محمد بڑیچ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سے MERC / بیس 1122 لورالائی سینٹر کے انچارج نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ دفتر کمشنر میں ملاقات کی، جس میں 1122 کی ہنگامی امدادی خدمات، اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور سروسز کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

ملاقات کے دوران 1122 سینٹر کے ایس او پیز (SOPs) کے حوالے سے کمشنر لورالائی ڈویژن کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ایمرجنسی سروسز کے دائرہ کار، فاصلے کے تعین، لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے MNCH سے متعلق ڈیٹا، طبی ہنگامی صورتحال، روڈ ٹریفک

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈپٹی کمشنر زیارت سے انجمن تاجران اور عوامی وفود کی ملاقات

زیارت (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی سے انجمن تاجران کے نمائندوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انجمن تاجران کے نمائندوں اور عوام نے اپنے درپیش مسائل اور مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

مکران روٹ پر مسافر بسوں کے ذریعے ایرانی تیل کی نقل وحمل پر مکمل پابندی عائد

خلاف ورزی کرنے والی بسوں اور ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت جمعہ کے روز گوادر میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں مکران روٹ پر چلنے والی مسافر بسوں کے ذریعے ایرانی تیل کی نقل و حمل پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں واضح ہدایات جاری کی گئیں کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والی مسافر بسوں اور متعلقہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ مسافر بسیں عوام کی محفوظ سفری سہولت کے لیے ہیں، انہیں تیل کی غیر قانونی نقل وحمل کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ متعلقہ حکام پابندی پر مؤثر

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایم پی اے حاجی زابد علی ریکی کا کمیونٹی ہال کا افتتاح

بسیمہ (یو این اے) واشک سے جمعیت علمائے اسلام کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی حاجی زابد علی ریکی نے سیاسی مخالفین کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ اور اسلام آباد میں بیٹھ کر ضلع واشک کی سیاست کرنے والوں کا دور اب گزر چکا ہے۔ عوام سے ہزاروں ووٹ حاصل کر کے اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والے جب

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

لیاقت علی لہڑی کا کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور مین نالوں میں صفائی ستھرائی کا تفصیلی دورہ

بڑے برساتی اور ایریگیشن نالوں سے کچرا و گاد فوری ہٹانے کی ہدایت، شہریوں سے تعاون کی اپیل

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی دارالحکومت کو صاف ستھرا بنانے کے عزم کے تحت رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے شہباز ٹاؤن، فقیر آباد، بلوچستان یونیورسٹی، غوث آباد اور شہر کے دیگر ملحقہ علاقوں سمیت بڑے برساتی نالوں اور محکمہ آبپاشی (ایریگیشن) کے مین نالوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈائریکٹر سینیٹیشن میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ انور لہڑی، ایکسین ایریگیشن مہراب بلوچ، ایس ڈی او زبیر باروزئی، صفا کوئٹہ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر دل

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

امتحانات میں نقل کا خاتمہ معیاری تعلیم کے لیے ناگزیر ہے، ڈاکٹر محمد سلیم

تعلیمی اداروں میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی

ڈیرہ بگٹی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیمی اصلاحات اور سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم وضبط کی بہتری کے وژن کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کے ہمراہ اپر ڈیرہ بگٹی کی تحصیل قادرآباد اور پھیلاوغ کے مختلف امتحانی مراکز اور سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران مڈل اسٹینڈرڈ

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

سرکاری مراکز صحت کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا، ڈاکٹر محمد فہیم

سرکاری ہسپتالوں میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں

لورالائی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صحت کے وژن اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر محمد فہیم خان نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) کچھ عمکڑئی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا دورے کے دوران ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال اور بعض عملے کی غیر حاضری پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض میں غفلت، ڈیوٹی سے غیر حاضری اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام طبی و معاون عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف محکمانہ ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر محمد فہیم خان نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کا معائنہ بھی کیا اور ان سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صحت کے وژن اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر محمد فہیم خان نے رورل

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلعی انتظامیہ کی کاتجاوزات کے خلاف آپریشن، متعدد دکانیں سیل

دکی (اے این این) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، عوامی راستوں کو تجاوزات سے پاک کرنے اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہیاس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم خان حریفال کی سربراہی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی دکی سمندر

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

شاہی بازار کی بحالی کا منصوبہ بھی زیر عمل ہے، انیس طارق گورگیج

دکانداروں کی مشاورت سے تعمیراتی کام مکمل کیا جائے گا

گوادر (اے این این) ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جنت بازار کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کے جامع منصوبے پر باقاعدہ کام شروع کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں تجاوزات کے خاتمے، ملبہ ہٹانے، ارتھ ورک اور لینڈ اسکیپنگ کا کام شروع کیا گیا ہے، جس کے بعد پیورا اور ٹف ٹائلنگ کی جائے گی جبکہ اگلے مرحلے میں بازار میں شیڈز تعمیر کیے جائیں گے۔ بجلی کے کھمبوں اور تاروں کی منتقلی کے لیے کیسکو کو ادائیگیاں بھی کی جا چکی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی ہدایت کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں دکانداروں، انجمن تاجران اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تیزی کے ساتھ آگے بڑھائی جائیں گی تاکہ کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور خصوصاً خواتین سمیت خریداروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ جی ڈی اے جنت بازار کے ساتھ شاہی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

تین بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

سنجاوی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر فاروق مری نے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کے نمائندے ریحان خان اور ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر زیارت ڈاکٹر عالمگیر خان کے ہمراہ بنیادی مراکز صحت تانداوانی، چوتیر اور کلی عزیز جعفر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نے عملے کی حاضری کے ریکارڈ، عملے کی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان کے پہلے خلائی مشن کی آگاہی کے لیے زیارت میں پوسٹرز آویزاں

جدید ٹیکنالوجی سے پاکستان ترقی اور خود انحصاری حاصل کر سکتا ہے، عبدالقدوس اچکزئی

زیارت (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی نگرانی میں پاکستان کے پہلے خلائی مشن کی اہمیت اور سائنسی میدان میں ملک کی پیش رفت کو اجاگر کرنے کے لیے ضلع زیارت کی مختلف اہم شاہراہوں اور نمایاں مقامات پر آگاہی پوسٹرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد عوام بالخصوص نوجوان نسل میں سائنس، ٹیکنالوجی، خلائی تحقیق اور جدید سائنسی علوم سے متعلق شعور و آگاہی پیدا کرنا ہے۔ پوسٹرز کے ذریعے پاکستان کی خلائی تحقیق کے شعبے میں پیش رفت، قومی صلاحیتوں اور سائنسی کامیابیوں کو نمایاں کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی کے فروغ سے پاکستان ترقی اور خود انحصاری کی نئی منزلیں حاصل کر سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

سیاسی مخالفین کو پابندیوں اور گرفتاریوں سے دبانے کی کوششیں جمہوری اصولوں سے انحراف ہے، نعیم بلوچ

واشک (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے اپنے سخت ردعمل میں کہا ہے کہ حکمران سیاسی برداشت، جمہوری رواداری اور آئینی ذمہ داریوں سے عاری ہو چکے ہیں۔ سیاسی مخالفین کو پابندیوں، گرفتاریوں اور ریاستی دباؤ کے ذریعے زیر کرنے کی کوششیں دراصل حکومتی کمزوری اور جمہوری

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

مولوی قادر بخش گولہ کے عرس پر غیر شرعی سرگرمیاں ناقابلِ قبول ہیں، ذوالفقار طارقی

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری میر ڈاکٹر شبیر احمد کھوسہ سیاسی و سماجی رہنما میر محمد ظاہر لانگو میر محمد آصف سالانی محمد عامر جتوئی محمد آصف کنرانی استانہ عالیہ فیضان اولیاء میں ہونے والے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت مولوی قادر بخش گولہ رحمۃ اللہ علیہ

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رکھنی پراجیکٹ کے ترقیاتی کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

ناقص تعمیراتی کام اور تاخیر کسی صورت قبول نہیں، عبدالباسط بزدار

رکھنی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ترقیاتی پالیسی کے مطابق، کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی ہدایات پر ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار نے رکھنی پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈیشنل کمشنر نے لورالائی روڈ، مین بارکھان روڈ، صمند خان گلی اور ماڈل بازار رکھنی میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار کا خاص خیال رکھا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر اور ناقص کام کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ بعد ازاں ایڈیشنل کمشنر نے ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی کے ہمراہ پی اینڈ آر آفس میں زیرِ تعمیر پری فیبر یکیڈ کوارٹرز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ترقیاتی پالیسی کے مطابق، کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی ہدایات پر ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار نے رکھنی پراجیکٹ کے تحت

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، بشیر محمد ترقی نسواں ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی سے سیاسی و سماجی کارکن روشن خورشید بروچہ گفتگو کر رہی ہیں، اس موقع پر میر اسد خان بلیدی بھی موجود ہیں

دور دراز علاقوں کے غیر فعال مراکز صحت فوری فعال کیے جائیں، فضل کبدانی

دکی (اے این این) دکی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے وژن اور حکومت بلوچستان کی صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے جاری اقدامات کے تحت ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیرِ صدارت پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) دکی کی ماہانہ ریویو میٹنگ (M R M) منعقد ہوئی س موقع پر

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

انہیں رہنی، اقتدار سے زیادہ عارضی کچھ نہیں، مریم نواز

چکوال (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ حکومت سدا نہیں رہتی اور اقتدار سے زیادہ عارضی کچھ بھی نہیں ہے۔ چکوال یونیورسٹی میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ میری کوشش ہے پنجاب کا ایک بیٹا بیٹی ایسے نہ رہیں جو وسائل کی کمی کی وجہ سے تعلیم حاصل نہ کر سکے، خیبر پختونخوا سے بھی آج ہونہار بچے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

محکمہ داخلہ سندھ کا ایم کیو ایم پاکستان کل کو ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

کراچی (اے این این) محکمہ داخلہ سندھ نے ایم کیو ایم (پاکستان) کو 29 نومبر کو ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع محکمہ داخلہ سندھ کے مطابق ایم کیو ایم نے شارع فیصل پر ریلی نکالنے اور باغ جناح میں جلسہ کرنے کی درخواست دے رکھی ہے، تاہم امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 29 نومبر کو سندھ ترقی پسند پارٹی نے بھی جلسے کا اعلان کر رکھا ہے،

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

ریونیو وصولی اور زرعی انکم ٹیکس کے اہداف کا جائزہ، ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس

زیر التوا ریونیو کیسز ترجیحی بنیادوں پر نمٹائے جائیں، فضل الرحمٰن کبدانی

دکی (اے این این) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں ریونیو امور، زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور سرکاری محصولات کے مقررہ اہداف کے حصول سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان بنگلزئی سمیت متعلقہ ریونیو افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ضلع بھر میں سرکاری ریونیو کی وصولی، زرعی انکم ٹیکس،

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)



گوادر۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میونسپل کارپوریشن گوادر کے دورے کے دوران ضروری احکامات جاری کر رہے ہیں

سیکرٹری تعلیم کا گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول کا دورہ، تعلیمی سہولیات کا جائزہ

امتحانی نظام میں شفافیت اور میرٹ ہر صورت یقینی بنایا جائے، لعل جان جعفر

گوادر (اے این این) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی، تدریسی معیار اور امتحانی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، اس سلسلے میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر نے دورہ گوادر کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا، طالبات سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی کارکردگی، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے اسکول میں قائم سائنس اور کمپیوٹر لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا۔ اسکول انتظامیہ نے انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ سیکریٹری اسکول ایجوکیشن نے تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے اسکول بس، کمپیوٹر لیب کے لیے کمپیوٹرز اور دیگر ضروری وسائل کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی بعد ازاں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن نے اسکول میں قائم مڈل اسٹینڈرڈ امتحانی مرکز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امتحانی انتظامات کا جائزہ لیا اور امتحانی سپرنٹنڈنٹ، عملے اور آر ٹی ایس ایم مانیٹر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانات کو شفاف، منظم اور پُرامن ماحول میں منعقد کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

سرکاری ملازمین کے سروس ریکارڈ میں غلطیوں کی اصلاح کے لیے اجلاس

کوہلو (اے این این) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت سرکاری ملازمین کو درپیش ڈیٹا اور دفتری کوائف سے متعلق مسائل کے حل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس کے دوران سرکاری ملازمین کے سروس ریکارڈ میں درج تاریخِ پیدائش کی درستگی، ڈیٹا میں موجود غلطیوں کی اصلاح، ذاتی کوائف کی تصدیق اور دیگر

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، 2 ٹریلرز میں تصادم، ایک شخص زخمی

کراچی (اے این این) کراچی میں مائی کلاچی روڈ پر امریکی سفارت خانے کے قریب 2 ٹریلرز آپس میں ٹکرا گئے، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق زخمی شخص کی شناخت 30 سالہ مہربان ولد بشیر کے نام سے ہوئی، زخمی کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ کراچی میں مائی کلاچی روڈ پر امریکی سفارت خانے کے قریب 2

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

بہتر انتظامی نظام ناگزیر قرار، ملک بھر میں نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ زور پکڑ گیا

کراچی (اے این این) کراچی، بہاولپور اور بلوچستان سمیت پاکستان بھر کے شہریوں نے بہتر انتظامی نظام کیلئے نئے صوبوں کے قیام کو ناگزیر قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ نئے صوبے بننے سے نئی قیادت کو موقع ملے گا، جس سے جمہوریت مضبوط ہوگی، نئے صوبوں کے قیام سے یکساں ترقی کو فروغ ملے گا اور دور دراز علاقوں کو بھی توجہ حاصل ہوگی۔ عوام کا کہنا ہے کہ بڑے صوبوں کو چھوٹے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

لورالائی، گرلز اسکولوں کی اساتذہ کو مصنوعی ذہانت کے استعمال کی تربیت

مصنوعی ذہانت سے تدریسی نظام کو جدید اور مؤثر بنایا جا سکتا ہے، ولی محمد بڑیچ

لورالائی (اے این این) بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز بیوٹمز لورالائی میں بلوچستان اے آئی لرننگ انیشیٹو فیز ٹو کے تحت دو روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری گرلز اسکولوں کی اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کا بنیادی مقصد اساتذہ کو مصنوعی ذہانت کی جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا، ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور تدریسی عمل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا تھا دو روزہ سیمینار کے دوران شرکاء کو مصنوعی ذہانت کے بنیادی تصورات، جدید تعلیمی نظام میں اس کی اہمیت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی و تحقیقی سرگرمیوں میں اے آئی سے استفادے کے مختلف طریقوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی اور تربیت فراہم کی گئی۔ اساتذہ کو بتایا گیا کہ مصنوعی ذہانت کے مؤثر استعمال سے تدریسی مواد کی تیاری، طلباء کی تعلیمی ضروریات کو سمجھنے، اسباق کی بہتر منصوبہ بندی اور تعلیمی معیار میں بہتری لانے میں مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔ سیمینار کے اختتامی سیشن میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور شرکاء سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کا دور ہے۔ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز بیوٹمز لورالائی میں بلوچستان اے آئی لرننگ انیشیٹو فیز ٹو کے تحت دو روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری گرلز اسکولوں کی اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کا بنیادی مقصد

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)



گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن دورہ گوادر کے موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سوغیر پیش کر رہے ہیں

امتحانات میں نقل کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، ولی محمد بڑیچ

نقل طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو متاثر کرتی ہے، کمشنر لورالائی ڈویژن

لورالائی (اے این این) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے ڈویژنل پبلک ہائی اسکول لورالائی کے امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے امتحانی ہال میں جاری امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا اور مختلف کلاس رومز میں زیر امتحان طلباء کے پرچوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مرکز میں کیے گئے انتظامات، طلباء کے لیے فراہم کردہ سہولیات اور امتحانی عملے کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا اور مجموعی انتظامات کو سراہا اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ افسران اور امتحانی عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران شفافیت، میرٹ اور نظم و ضبط کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نقل ایک ناسور اور تعلیمی نظام کے لیے زہر قاتل ہے، جس کے خاتمے کے بغیر معیاری تعلیم اور حقیقی تعلیمی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ نقل کی لعنت نہ صرف طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو متاثر کرتی ہے بلکہ محنت، قابلیت اور میرٹ کی حوصلہ شکنی کا بھی سبب بنتی ہے۔ جو طلباء نقل کے ذریعے کامیابی حاصل کرتے ہیں، وہ عملی زندگی میں درکار علم، صلاحیت اور قابلیت سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ طلباء اپنی کامیابی کے لیے محنت، لگن اور قابلیت کو اپنا شعار بنائیں کمشنر نے مزید کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

شہریوں کو دہلیز پر سرکاری خدمات فراہم کی جائیں گی، خالد شمس

عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہریاں جاری رہیں گی

برشور (اے این این) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی پالیسیوں اور گڈ گورننس کے وژن کے عین مطابق ضلع بھر میں عوامی شکایات کے فوری آزالے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں آفسران اور سائلین سے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال کی بہتری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹرز سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

پاک چین خلائی شراکت داری کا نیا باب

پاکستان کے پہلے خلاباز، 40 سالہ گروپ کیپٹن محمد ذیشان علی جو پاک فضائیہ کے ایک قابل فخر پائلٹ ہیں، چین کے خلائی سٹیشن ''تیان گونگ'' (آسمانی محل) تک پہنچنے کے لئے تاریخی خلائی پرواز پر روانہ ہو چکے ہیں۔ چائنا مینڈ سپیس ایجنسی (سی ایم ایس اے) کی قیادت اور سپارکو کی شراکت داری سے شروع ہونے والا یہ مشن پاکستان کی انسانی خلائی تحقیق کے میدان میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ محمد ذیشان علی کی بنیادی ذمہ داری بطور پے لوڈ سپیشلسٹ خلائی سٹیشن پر مائیکرو گریویٹی (بے وزنی کی کیفیت) میں پاکستان کے سائنسی تجربات انجام دینا ہے۔ پاکستانی جامعات اور محققین کے اشتراک سے تیار کیے گئے اِن تجربات میں میٹریل سائنس، فلوئیڈ فزکس، حیاتیاتی علوم اور بائیوٹیکنالوجی کے شعبے شامل ہیں، جن کے نتائج موسمیاتی لچک، غذائی تحفظ اور صنعتی جدت کے فروغ میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ محض ایک فرد کا خلائی سفر نہیں بلکہ پاکستان کی سائنسی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی بین الاقوامی تعلقات میں منفرد اور مثالی حیثیت رکھتی ہے۔ ہمالیہ سے بلند، سمندروں سے گہری اور شہد سے میٹھی یہ دوستی گزشتہ سات دہائیوں کے دوران مختلف آزمائشوں پر پوری اُتری ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات کی بنیاد باہمی اعتماد، خلوص اور مشترکہ ترقی کے وژن پر استوار ہے۔ شاہراہِ قراقرم کی تعمیر جیسے انجینئرنگ کے عظیم منصوبے سے لے کر گوادر بندرگاہ کی ترقی، توانائی کے منصوبوں، دفاعی خود انحصاری اور پاک چین اقتصادی راہداری تک، چین نے مختلف شعبوں میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ پاک چین اقتصادی راہداری نے جہاں خطے میں زمینی رابطوں اور معاشی ترقی کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں، وہاں یہ خلائی مشن اسی دوستی کا ایک اہم تسلسل ہے، جو اب زمین کی سرحدوں سے آگے خلا کی وسعتوں تک پہنچ چکا ہے۔ خلائی تحقیق کے میدان میں پاک چین تعاون کی تاریخ بھی خاصی روشن ہے۔ 1990ء ؒ میں پاکستان کے پہلے مصنوعی سیارے ''بدر اول'' کی لانچنگ سے لیکر ریموٹ سینسنگ اور کمیونیکیشن سیٹلائٹس، بشمول پاک سیٹ ایم ایم ون، اور چاند کے مشن ''چانگ ای۔6'' کے ساتھ پاکستانی سیٹلائٹ ''آئی کیوب قمر'' کی کامیاب روانگی تک، دونوں ممالک نے خلائی ٹیکنالوجی میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ تاہم کسی پاکستانی خلاباز کی خلائی سٹیشن پر موجودگی اور وہاں سائنسی تجربات کی انجام دہی اس تعاون کا ایک نیا اور غیر معمولی سنگِ میل ہے۔ یہ پیش رفت ثابت کرتی ہے کہ پاکستان اب انسانی خلائی پروازوں کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اِس تاریخی مشن میں پاکستان کی شمولیت محض علامتی نہیں بلکہ اِس کے پیچھے ایک ٹھوس سائنسی اور تحقیقی مقصد کارفرما ہے۔ محمد ذیشان علی نے اِس مشن کیلئے طویل اور خصوصی تربیت حاصل کی ہے تاکہ وہ خلائی سٹیشن پر بے وزنی کی کیفیت میں پیچیدہ سائنسی تجربات انجام دے سکیں۔ خوش آئند پہلو یہ ہے کہ اِن تجربات کی تیاری میں پاکستانی جامعات اور مقامی محققین نے بھی حصہ لیا ہے۔ میٹریل سائنس، فلوئیڈ فزکس، حیاتیاتی علوم اور بائیوٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں تحقیق پاکستان کے تعلیمی اداروں کی بڑھتی ہوئی سائنسی صلاحیتوں کی عکاس ہے۔ اِس سے نوجوان محققین کو عالمی سطح کی تحقیق میں حصہ لینے اور جدید سائنسی علوم سے استفادہ کرنے کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ جدید دور میں خلائی تحقیق کو محض سائنسی تجسس یا قومی تفاخر تک محدود نہیں سمجھا جاتا بلکہ اِس کے نتائج معیشت، ماحولیات، زراعت اور انسانی زندگی پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، اِس لئے خلائی تحقیق کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج کئی قومی چیلنجوں سے نمٹنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ حیاتیاتی علوم اور بائیوٹیکنالوجی میں تحقیق سے ایسی فصلوں اور بیجوں کی تیاری کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں جو شدید موسمی حالات اور خشک سالی کا مقابلہ کرنے کی بہتر صلاحیت رکھتے ہوں۔ اِس طرح غذائی تحفظ کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔ دوسری جانب میٹریل سائنس اور فلوئیڈ فزکس کے تجربات سے حاصل ہونے والا ڈیٹا صنعتی جدت، نئی ادویات اور جدید ٹیکنالوجی کی تیاری کیلئے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ یوں اِس مشن کے ثمرات مستقبل میں مختلف شعبوں کے ذریعے عام شہریوں تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔

مصدق ملک کا خطاب!

محمد افضل عاجز

ہندوستان کے حکمرانوں اور صحافیوں کے قلم اور زبان پر دیکھا جاسکتا ہے انہوں نے مصدق ملک کو زیر کرنے کی بہت کوشش کی ان کی وزارتی پوزیشن پر بھی سوال اٹھائے ایک موسمیاتی وزیر کی آمد پر بھی تنقید کی مگر یہ ہر ریاست کا حق ہوتا ہے کہ وہ اپنے کس نمایندہ کو ملک کی ترجمانی کیلئے مقرر کرتا ہے مصدق ملک کا انتخاب یقیناً بہترین تھا ایک ایسے شخص جس کی انگلش پر گورے ششدر رہ جائیں، جس کی اردو پر ہندوستان کے ادیب واری جاتے نظر آئیں اور انداز گفتگو ایسا جیسے سلامت علی خان مرحوم نے سرمنڈل کے تار چھیڑ دیئے ہوں مصدق ملک نے ہندوستان میں ہر فورم پر دلوں کے تار چھیڑے رکھے البتہ متعصب ذہنوں میں آگ بھی خوب بھڑکائی مصدق ملک نے اپنا بیان غالب کی شاعری سے شروع کیا برصغیر کے اس بڑے شاعر کے اشعار سے تہذیبی حوالے سے منعقدہ تقریب کو ادبی ماحول میں بدل دیا ایسا لگا جیسے کسی ادبی تقریب میں صاحب صدر تمام مقررین کی گفتگو کو سمیٹتے ہوے صدارتی خطبہ پیش کر رہا ہو یہ صلاحیت ہر ایک میں نہیں ہوتی اس کیلئے دنیائے ادب کا مطالعہ کرنا پڑتا ہے شعروں کے مفہوم اور کیفیت کو سمجھنا پڑتا ہے ملک نے بہت دانائی کے ساتھ غالب کو سمجھا اور بیان کیا مصدق ملک نے کوئی ہلکا سا بھی ایسا جملہ نہیں کہا جس پر جوابی جملوں کا سامنا کرنا پڑتا انہوں نے ہر چبھتے ہوئے سوال کے جواب میں کہا آپ نے جس عنوان کے تحت بلایا ہے میں اسی عنوان کے اندر رہتے ہوئے گفتگو کرنے آیا ہوں اگر آپ لوگ کوئی اور گفتگو سننا چاہتے ہیں تو پھر اس عنوان کی کسی تقریب کا اہتمام کریں میں آجاؤں گا اور اس پر بھی بات کروں گا فی الحال موسموں ثقافتوں کی بات کریں تا کہ لوگوں کو سمجھ آئے کہ اس اکٹھے ہونے کا مطلب کیا ہے مصدق ملک نے اس موقع پر ملک جیسے لوگوں کی ذہانت کو ملک وقوم کیلئے مزید نکھارے حکومت کو بھی چاہئے کہ ہر اہم سفارتی اور بین الاقوامی فورم کے موقع پر مصدق ملک جیسے وزراء ؒ کا انتخاب کرے تا کہ وہ اپنا مقدمہ یعنی پاکستان کا مقدمہ دنیا کے سامنے پیش کرتے ہوئے سرخرو ہو جیسے مصدق ملک ہوے ہیں یقیناً انہوں نے ہندوستان کی زمین پر کھیلتے ملک کے دورہ ہندوستان کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں ان کی غیر معمولی سفارتی کارگردگی کو فضول مشق قرار دے رہے ہیں ان کی زبانیں ہندوستان کے متعصب ذہنوں کی ترجمان بنی ہوئی ہیں یہ لوگ پاکستان کی کسی بھی سطح پر کسی کامیابی کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہیں ایسے لوگوں کیلئے ہمیں دُعا کرنی چاہئے اللہ انہیں ملک کی خیر خواہی کا جذبہ عطاء ؒ کرے اور مصدق ملک جیسے لوگوں کی ذہانت کو ملک وقوم کیلئے مزید نکھارے حکومت کو بھی چاہئے کہ ہر اہم سفارتی اور بین الاقوامی فورم کے موقع پر مصدق ملک جیسے وزراء ؒ کا انتخاب کرے تا کہ وہ اپنا مقدمہ یعنی پاکستان کا مقدمہ دنیا کے سامنے پیش کرتے ہوئے سرخرو ہو جیسے مصدق ملک ہوے ہیں یقیناً انہوں نے ہندوستان کی زمین پر کھیلتے ملک کے دورہ ہندوستان کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں ان کی غیر معمولی سفارتی کارگردگی کو فضول مشق قرار دے رہے

رانا ثناء ؒ اللہ سپیکر پنجاب اسمبلی
ملک احمد خان اور وفاقی وزیر مصدق ملک یہ تینوں گفتگو کرتے ہوئے اچھے

اب آٹا عوام کی پہنچ سے باہر؟

میاں اشفاق انجم

مہنگائی نے غریب آدمی کی کمر توڑ دی ہے عام آدمی کے لئے گورنمنٹ کی مزدور کے لئے مقررہ تنخواہ میں گزارہ ناممکن ہو گیا ہے اب تو روزانہ اخبارات نے نشاندہی کرنا شروع کر دی ہے، 25 کروڑ سے زائد آبادی والے ملک میں 48 فیصد آبادی خطِ غربت سے نیچے چلی گئی ہے غریب کے لئے بچوں کا پیٹ پالنا مشکل بنا دیا گیا ہے، گھر کا خواب دیکھنے والے شاید اب کبھی خواب پورا نہ کر سکیں اس کی بنیادی وجہ بلڈنگز میٹریل، یعنی اینٹ اور سیمنٹ کے ساتھ سریا اور بجری کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جب سے پٹرول کی قیمتوں کا تعین روزانہ کی بنیاد پر ہونے لگا ہے مہنگائی بھی روزانہ کی بنیاد پر ہو نے لگی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے ہمارے ملک میں جو چیز ایک دفعہ اوپر چلی جائے اس کے بعد اس کا واپس آنا ممکن نہیں ہوتا، سبزیاں کھا کر گزارہ کرنے والوں کی مشکل ہے، ٹماٹر سے لے کر کھیرے تک سب عوام کی پہنچ سے دور ہو گئے ہیں اس کی بنیادی وجہ پٹرول کی قیمتوں میں روزانہ بنیادوں پر کئے جانے والا تعین ہے۔ ہمارے معاشرے کو گندم، چینی کی درآمد اور برآمد کے گورکھ دھندے نے پاگل کر رکھا ہے۔ چینی کی قیمتیں اللہ اللہ کر کے استحکام دینے لگی تو شوگر ملز 15 نومبر سے چلانے کے اعلان کے باوجود گنے کی قیمت کا اعلان نہیں کیا گیا، شوگر مالکان نے پھر چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگ لی ہے۔ گندم کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں 4500 روپے من گندم کی قیمت نئے سیزن کے لئے مقرر کی گئی تھی۔ نفاذ عملاً فوری کر دیا گیا ہے، 4500 روپے گندم کرنے سے غریب عوام کس طرح متاثر ہو رہے ہیں اس پر بات کرنے سے پہلے کسانوں کی حالتِ زار کا رونا رو لیا جائے۔ پنجاب حکومت نے گندم کی قیمت 4500 روپے فی من اس لئے کی کہ کسانوں کی دلچسپی بڑھے اور گندم زیادہ سے زیادہ بونے کی کوشش کریں، حالانکہ گندم کا کسان اپنے ساتھ گذشتہ سال ہونے والا کھلواڑ ابھی تک بھولنے کے لئے تیار نہیں، جب حکومت نے گندم خود خریدنے کی بجائے نجی کمپنیوں کو اختیار دے کر ان کے رحم وکرم پر سب کچھ چھوڑ دیا تھا اور 3500 روپے سرکاری قیمت ہونے کے باوجود کسان 1800 سے 2200 روپے تک مجبوری اور بلیک میلنگ میں فروخت کرنے پر مجبور ہوا۔ اب کسان گندم بونا چاہتا ہے اس کا کہنا ہے سیڈ کارپوریشن بیج فراہم نہیں کر رہی، کارپوریشن کی آؤٹ لیٹس پر گندم کا بیج دستیاب نہیں ہے صرف پوسٹر لگے ہوئے ہیں زیادہ دیر نہیں ہوئی اضافی گندم کی موجودگی کے دعوے کئے جا رہے تھے جہاں تک گندم برآمد کرنے کی تجاویز کی بھی خبریں آئیں عملاً پاسکو کی رپورٹ سوشل میڈیا کے ذریعے سامنے آئیں، ہزاروں ٹن گندم خراب ہوئی اور ضائع ہو گئی اس کے باوجود کہا گیا گندم موجود ہے اس کے لئے مربوط نظام بنایا گیا فلور ملوں کو آٹے کی فراہمی اور پھر عوام کے لئے سٹوروں اور بازاروں میں حکومت پنجاب کی طرف سے سبز رنگ کے 10 کلو آٹے کی فراہمی کا سلسلہ شروع ہوا۔ فلور ملوں کو 10 کلو کا آٹا بنانے سے روک دیا گیا ان کو 15 کلو اور 20 کلو آٹا بنانے تک محدود کر دیا گیا اس کے باوجود 900 روپے میں ملنے والا 10 کلو کا سرکاری طور پر فراہم کیا جانے والا آٹا سٹوروں پر دستیاب نہ رہا۔ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کی ملی بھگت سے تنوروں اور ہوٹلوں پر پائے گئے آٹے کی قیمتیں بڑھنے کی رفتار بڑھی تو روٹی جو 14 روپے کی تھی 20 روپے کی ہو گئی اور نان 30 روپے کا، دوسری طرف گندم رومانیہ سے 50 ہزار ٹن آنے کی خوشخبری سنائی گئی اور پھر دو لاکھ ٹن گندم درآمد کر لی گئی اس کے باوجود آٹا مہنگا ہونے کی رفتار کم نہ ہو سکی حالانکہ ایک جہاز خیبر پختونخوا، ایک جہاز سندھ اور ایک جہاز پنجاب کے لئے آیا۔

گندم کی درآمد اور مسلسل سپلائی کے باوجود کراچی، کوئٹہ، پشاور میں گندم کی قلت کا سامنا رہا، انہی دنوں فلور ملوں نے 20 روپے کلو آٹا مہنگا کر دیا۔ چکی آٹا 160 سے 190 روپے تک پہنچ گیا اور پھر تنور مالکان نے بدمعاشی کرتے ہوئے روٹی 30 روپے کی اور نان 35 سے 40 روپے کا کر دیا ہے۔ فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور فلور مالکان کی کسمپرسی کہیں یا فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور تنور مالکان کی منا پلی کہیں دھڑلے سے مہنگی روٹی اور نان کی فروخت جاری ہے اور کسان نے گندم ابھی کاشت کرنی ہے وہ بیج کے لئے رو رہا ہے اور مزدور غریب روٹی کے لئے مر رہا ہے، قیمتوں کو کنٹرول کرنے والی کمیٹیاں بھی بے بس ہو کر رہ گئی ہیں۔

اب وفاقی حکومت نے بڑھتی ہوئی قیمتوں میں استحکام لانے کے لئے ڈھائی لاکھ ٹن گندم منگوانے کے بجائے آٹھ لاکھ میٹرک ٹن گندم مزید درآمد کرنے کی سفارش کر دی ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار صاحب چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں اشیاء ؒ ضروریہ کی قیمتوں کے استحکام کا خود جائزہ لے رہے ہیں اور آٹھ لاکھ ٹن گندم فوری منگوانے کے لئے ٹینڈر جاری کر دیئے ہیں۔ افسوسناک پہلو یہ ہے گندم ہو یا چینی عوام قیام پاکستان سے لے کر آج تک درآمد اور برآمد کے گورکھ دھندے کو نہیں سمجھ سکے۔ پہلے باہر بھیج دی جائے اور کروڑوں کا منافع کما لیا جائے اور پھر کمی کو بنیاد بنا کر دوبارہ منگوا لی جائے اور کروڑوں کا نقصان ظاہر کر دیا جائے، خمیازہ عوام بھگتیں۔

ایک آٹا ہے جو روزانہ کی ضرورت ہے بجلی نہ ہو تو گزارہ ہو سکتا ہے، گیس نہ ہو تو لکڑی جلائی جا سکتی ہے، چھت نہ ہو تو سڑک پر گزارہ کیا جا سکتا ہے مگر پیٹ کا ایندھن صرف روٹی بھر سکتی ہے۔ ہماری حکومت وہ پنجاب کی ہو یا سرحد کی، وفاق کی ہو یا خیبر پختونخوا کی، اس نے عوام سے مذاق سر بازار شروع کر رکھا ہے گندم کی قیمت کسان کو خوش کرنے کیلئے 4500 روپے کی گئی وہ بیج کے لئے رو رہا ہے عوام جو روٹی روٹی کر رہی ہے، روٹی کی قیمت اس کی پہنچ سے باہر کر دی گئی ہے، فلور ملز مالکان اپنی جگہ پریشان ہیں، وزیراعلیٰ نے آٹا اور روٹی مہنگی فروخت کرنے والوں کیخلاف ایکشن کا حکم دیا ہے، فوڈ ڈیپارٹمنٹ نے چھاپے شروع کر رکھے ہیں مگر عملاً قیمتیں کم کرانے میں ناکام ہیں، گلہ کس سے کیا جائے پورا معاشرہ جل رہا ہے۔ خدارا عوام ہی بیدار ہو جائیں اتنا ظلم اور وہ بھی تسلسل کے ساتھ آخر کب تک؟

زیرِ زمین معدنیات کے خزانے اور عوام کی تقدیر

ناصرہ عتیق

اسلامی جمہوریہ پاکستان میں جسم اور روح کو برقرار رکھنے والی لازمی اشیا سے محروم کروڑوں پاکستانیوں کو مبارک ہو کہ وہ آئندہ ایک چوتھائی صدی دنیا کی بڑی معیشتوں والے ممالک میں شامل ہو جائیں گے، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026ء ؒ کے دوران پاکستان اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہو گئے اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو معدنی وسائل تلاش میں تحفظ کی یقین دہانی بھی کرا دی گئی ہے ایسے خوش کن انکشافات وزیراعظم نے جناح کنونشن سنٹر اسلام آباد میں منعقدہ دو روزہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں کئے ہیں اس فورم کے دوران ایک اہم اعلان فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کی جانب سے بھی ہوا جس میں بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے میں دشت کین کے مقام پر تانبے کے ذخائر کا تخمینہ 35 کروڑ ٹن لگایا گیا ہے ''میری منرلز'' نے بلوچستان میں سونے اور تانبے کے اپنے پہلے ذخائر کی دریافت کا اعلان بھی کیا جبکہ نیشنل ریسورسز لمیٹڈ نے کہا ہے کہ تقریباً 25 ہزار میٹر ڈرلنگ کے بعد ضلع چاغی میں کم از کم آٹھ پور فیری ذخائر میں تانبے اور سونے کی موجودگی کا پتہ چل گیا ہے۔ نیشنل ریسورسز لمیٹڈ نے 10 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کو کہا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اپنے خطاب میں کہا معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا تا کہ معدنی وسائل سے مقامی آبادیوں کے عوام کو بھی فائدہ ہوگا، معدنی دولت سے بھرپور فوائد کے حصول کیلئے یہ ضروری اور لازمی ہے کہ معدنی خزانوں کو فیلڈ مارشل سید عامر منیر کے فیصلے نما مشوروں کو صحیح معنوں میں محروم عوامی طبقوں سے عبارت مقامی آبادیوں اور وہاں کے عوام کی محرومیوں کے تدارک کیلئے اولین فرصت میں کام میں لانے کے پروگرام قبل از وقت مرتب کر کے ان کا اعلان بھی ہو۔ اس سلسلے میں صرف آئے دن سرمایہ کاروں سے عبارت یا ممالک کی سرمایہ کاری سمت کا انعقاد ہی کافی نہیں، مقاصد کے حصول کی خاطر عملی طور پر قلیل المدت پروگرام بنا کر اس پر فوری عملدرآمد کرنے کی ضرورت ہے۔ بلاشبہ ایسے عظیم مقاصد کے حصول کی خاطر عالمی شراکت داریوں کیلئے بیرونی سرمایہ کاروں کے تعاون کی ضرورت سے انکار نہیں ہو سکتا مگر جس ملک کے لاتعداد اپنے شہریوں کے صاحبانِ ثروت لوگوں کے کاروبار، بنک ڈیپازٹس اور بیش قیمت جائیدادیں بیرونی ممالک میں موجود ہیں انہیں بھی اپنے وطن پاکستان کے معدنی ذخائر ایسے خزانوں کی تلاش کے کاروبار میں آسانیوں اور ہر طرح کے تحفظ کی سہولتوں کی کھلے دل سے فراہمی بلکہ صاحبانِ اقتدار کو بھی نیک نیتی کے ساتھ باہمی مشوروں سے ٹھوس نظام تشکیل دینا چاہئے خدا کرے کہ پاکستان اپنے انمول منرلز کی عالمی مارکیٹ میں مانگ اور ساکھ کو دوسرے ممالک کے مقابلے میں صفِ اول میں جگہ پانے میں کامیاب ہو۔

ہے کیونکہ ملکی معدنیات نہ صرف بلوچستان کے چپے چپے میں انسانی ہاتھوں کے انتظار میں ہیں بلکہ خیبر پختونخوا کے لاتعداد مقامات سمیت چترال، گلگت، بلتستان، سکردو، آزاد کشمیر اور پنجاب کے بعض مقامات پر بھی کہیں نہ کہیں معدنی دولت کی موجودگی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ایوان اقتدار اور اس کی غلام گردشوں تک قدرت کی مہربانیوں کے نتیجے میں راہ ورسم رکھنے والے خوش بخت اہل وطن کو زیر تذکرہ منصوبے میں اپنے حصے کا فرض نبا ہنے کی طرف توجہ دینا ہوگی۔ کسی نے اِس حوالے سے صحیح کہا ہے کہ معدنی وسائل کے قیمتی خزانوں کو صرف برآمد کرنے ہی پر توجہ مرکوز نہیں رکھنا ہوگی بلکہ ملک میں عوام کو روزگار کی فراہمی اور صنعتی ترقی کی راہیں بھی کھل سکتی ہیں اور ملکی سرمایہ کار یقیناً اسی وقت اس کاروبار میں ''مائل بہ کرم'' ہوں گے کہ انہیں نہ صرف اپنے سرمائے کے پوری طرح تحفظ، اس راہ میں رکاوٹوں کے خاتمے بلکہ صحیح معنوں میں ون ونڈو سہولتوں کی ضمانت فراہم ہو، اس مقصد کی خاطر پاکستان میں ہر سطح کے ارباب اختیار کا بھی انعقاد بھی اللہ والے ہی کرتے ہیں اور اللہ والے عشق رسول میں محفل حمد ونعت ومیلاد کا انعقاد بھی زور و شور سے کرتے ہیں۔ ہمیں بھی آئے روز شہر لاہور میں ہونے والی تقریبات میں جانے کا موقع ملتا ہے اور بہت سی تقریبات میں جا

قصہ شہر لاہور میں ہونے والی پرنور پرسکون محفل کا.....

فیصل شامی

اسلام علیکم پارے پارے دوستو سنائیں کیسے ہیں امید ہے کہ اچھے ہی ہونگے اور ہم بھی یقیناً اچھے ہی ہیں اور دوستو آپ کو بتاتے چلیں کہ ہم بھی اہل لاہور ہیں اور کہا جاتا ہے کہ شہر لاہور روشنیوں کا شہر ہے زندہ دلان لاہور کا شہر ہے اور زندہ دلان لاہور جو ہیں وہ ہر روز شہر لاہور میں لاتعداد تقریبات سجانے کا بھی اہتمام کرتے ہیں اور شہر لاہور کے گلی محلوں گرد ونواح میں روزانہ لاتعداد تقریبات منعقد ہوتی ہیں اور جو تقریبات اہل لاہور کی طرف سے منعقد ہوتی ہیں ان میں منگنی، مہندی بارات، ولیمہ جیسی تقریبات بھی ہوتی ہیں۔ بہت سی تقریبات میں موسیقی کا بھی اہتمام ہوتا ہے اور شعراء ؒ و دانشور حضرات کی طرف سے ادبی محفلوں کا بھی اہتمام زور وشور سے کیا جاتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ دین و دنیا کی باتیں ایک طرف رکھ کے پرنور روحانی محفلوں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ نور سے بھری محافل کا اہتمام و انعقاد بھی اللہ والے ہی کرتے ہیں اور اللہ والے عشق رسول میں محفل حمد ونعت ومیلاد کا انعقاد بھی زور و شور سے کرتے ہیں۔ ہمیں بھی آئے روز شہر لاہور میں ہونے والی تقریبات میں جانے کا موقع ملتا ہے اور بہت سی تقریبات میں جا کے بس یہی کوشش ہوتی ہے کہ تقریب میں حاضری لگائیں اور میزبان محفل سے اجازت لے کے کھسک جائیں لیکن ہمیں بھی زیادہ روحانی و دلی سکون جو ہے وہ ذکر نبی کی نسبت سے ہونے والی محفل میں شریک ہو کر ملتا ہے اور ہم بھی عاشقان رسول کی فہرست میں ہمیشہ شامل ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور اسی ذوق وشوق میں ہم ہر سال اپنے دوستوں کے تعاون سے محفل نعت کا پروگرام رکھتے ہیں اور تقریباً بارہ سے تیرہ سال سے ہم یہ سلسلہ جاری رکھے ہیں اور اسی بات پہ اپنے رب کا شکر بھی ادا کرتے ہیں۔ یہ بھی بتا دیں کہ ہمارے صاحبزادے اسد شامی بھی قرآن پاک حفظ کرنے والے طلباء ؒ کی فہرست میں جلد شامل ہونے والے ہیں اور جناب اسد شامی صاحب بہت ذہین ہیں اور ماشاء ؒ اللہ سے دس سے زائد سپارے حفظ کر چکے اور ہمارے صاحبزادے ماڈل ٹاؤن میں واقع مدرسہ دارالہدیٰ میں حافظ اسعد صاحب کی نگرانی اور قاری زاہد صاحب کی شاگردی میں قرآن پاک حفظ کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ ہم بات کر رہے تھے شہر لاہور میں ہونے والی تقریبات کی تو بتاتے چلیں کہ گزشتہ دنوں بھی ہمیں شہر لاہور کے علاقہ رائیونڈ میں معروف عالم دین مفتی شہباز صاحب کے صاحبزادوں، صاحبزادہ حسان شہباز اور صاحبزادہ حسام شہباز کی رسم عقیقہ میں شرکت کا موقع ملا۔ تقریب میں شرکت کے لئے لاہور سے خصوصی طور پر رائیونڈ گئے اور عمران ہماری گاڑی چلا رہا تھا کیونکہ بہت زیادہ ٹریفک کی وجہ سے ہم بہت کم گاڑی چلاتے ہیں اور جب تقریب میں شرکت کے لئے پہنچے تو جناب مفتی شہباز صاحب نے ہمارا استقبال کیا۔ والد مجیب الرحمٰن شامی صاحب جو کہ شہر لاہور سے باہر تھے، ان کی طرف سے پیغام ملنے کے بعد ہم نے تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں خصوصی محفل نعت کا بھی اہتمام کیا گیا، ملک بھر کے نامور علمائے کرام بھی شامل تھے۔ مولانا عبدالخبیر آزاد نے بھی خصوصی شرکت کی اور خطاب بھی فرمایا۔ تقریب میں علمائے کرام نے خوبصورت دلکش آواز و انداز میں تلاوت قرآن پاک اور ہدیہ نعت رسول مقبول پیش کیا اور ایسا خوبصورت سماں بندھ گیا کہ ہر زبان بے ساختہ سبحان اللہ کہنے پہ مجبور سی ہوگئی اور تقریباً سوا چار بجے کے قریب باجماعت نماز کی ادائیگی کے بعد مہمانوں کے لئے پرتکلف طعام کا اہتمام کیا گیا۔ اختتام پہ خصوصی دعا بھی کی گئی جس میں مفتی شہباز فاروقی صاحب کے صاحب زادوں کی صحت وسلامتی و کامیابی کے لئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔ مفتی شہباز فاروقی نے علمائے کرام کو خصوصی طور پر غلاف کعبہ بطور تحفۃً ہدیۃً عنایت فرمایا اور بارہ بجے سے جس تقریب کا آغاز ہوا وہ تقریباً ساڑھے چار پانچ بجے اپنے اختتام کو پہنچی اور جب ہم محفل کے اختتام پہ مفتی شہباز صاحب سے واپسی کی اجازت لینے لگے تو مفتی صاحب نے ہمیں بھی غلاف خانہ کعبہ عنایت کیا جو کہ باقاعدہ فریم میں تھا اور یہ تحفہ جو کہ والد محترم مجیب الرحمٰن شامی کو عنایت ہونا تھا وہ انکی غیر موجودگی میں ہمیں عطاء ؒ ہو گیا اور یقیناً بہت خوبصورت پرسکون پر نور محفل تھی جس میں ہمیں شرکت کا موقع ملا اور سب کی طرح ہمارے دل سے بھی یہی دعا بے ساختہ نکلی کہ اللہ پاک مفتی شہباز فاروقی صاحب کے صاحب زادوں کی زندگی پرسکون بنائے انھیں صحت سکھ و شانتی عطاء ؒ فرمائے اور زندگی کے ہر موڑ پہ کامیابیوں سے بھی نوازے۔۔ آمین ثم آمین

01

باعث شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں' واضح رہے کہ ہر سال سردی شروع ہوتے ہی گیس غائب ہوتی ہے جب کہ گرمی کی سیزن میں بجلی غائب ہوتی ہے اس سال سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں علمدار روڈ، کانسی روڈ، قندہاری بازار، پشتون آباد، نواں کلی، کلی پائندخان، کلی شاہو اور عالمو میں گیس پریشر میں کمی کے ساتھ ساتھ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور بھاری بلوں نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ گھروں میں گیس میسر نہیں، چولہے جلانا اور روزمرہ کے امور انجام دینا مشکل ہو چکا ہے، لیکن دوسری جانب سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے بھاری بل بھیجے جا رہے ہیں۔ بعض صارفین کو ڈبل ڈبل بل موصول ہونے کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں، جس نے پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں نے شکوہ کیا کہ جب گھروں میں گیس فراہم ہی نہیں کی جارہی تو بھاری بل کس چیز کے وصول کیے جارہے ہیں؟ گیس حکام کی جانب سے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اضافی مالی بوجھ تلے دبایا جارہا ہے۔ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کا یہ حال ہے تو صوبے کے دیگر سرد علاقوں کی صورتحال کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سرد موسم میں گیس ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے، مگر متعلقہ حکام عوامی مشکلات کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ گیس کی عدم دستیابی کے باوجود بھاری بلوں کی وصولی عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ شہریوں نے وفاقی حکومت، اوگرا اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گیس پریشر کی کمی کا فوری نوٹس لیا جائے، غیر ضروری اور اضافی بلوں کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور صارفین کو درست بل ارسال کرنے کے ساتھ موسم سرما میں بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

02

نواز شاہ اور صفائی کا عملہ بھی موجود تھا۔ دورے کے دوران انہوں نے مذکورہ علاقوں میں صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال، کوڑا کرکٹ اٹھانے کے عمل اور خصوصاً ایریگیشن کے مین نالوں پر جاری صفائی کے کاموں اور نکاسی آب کے انتظامات کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے متعلقہ حکام، محکمہ ایریگیشن کے افسران اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر دل نواز شاہ نے انہیں جاری صفائی مہم، درپیش مسائل اور مین نالوں سے گاد و کچرا نکالنے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کی بحالی اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تاکید کی کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، محکمہ ایریگیشن اور صفا کوئٹہ باہمی تعاون سے بڑے اور مین نالوں کی صفائی کے کام کو مزید تیز کریں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا بارشوں کے دوران نکاسی آب میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے اور شہریوں کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے ڈائریکٹر سینیٹیشن انور لہڑی، محکمہ ایریگیشن کے افسران اور صفا کوئٹہ کے عملے کو ہدایت کی کہ تمام دستیاب مشینری اور وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہر بھر سے کچرے کے ڈھیروں اور نالوں کی گاد کا فوری خاتمہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے عمل کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے اور غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ کوڑا کرکٹ نالوں یا گلیوں میں پھینکنے کے بجائے مقررہ مقامات پر ڈالیں اور شہر کو صاف رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

03

اپنے ہی ووٹرز کو بے یار و مددگار چھوڑ دیں اور عوامی مسائل سے لاتعلق ہو کر گرینڈ ٹاک اور ریگل پلازہ کے ڈرائنگ روم تک محدود ہو جائیں تو انہیں عوامی نمائندگی کا دعویٰ کرنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں رہتا۔ سیاست محض سیاسی اثر و رسوخ، ماضی کے انتخابی نتائج اور خرچ کیے گئے پیسوں کا ماتم کرنے کا نام نہیں بلکہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے دکھ درد میں شریک ہونے اور ان کے بنیادی مسائل حل کرنے کا نام ہے۔

04

عملدرآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایات کی روشنی میں مکران ڈویژن کے اضلاع گوادر، پنجگور اور پنجگور میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے سیکرٹریز کمیٹی کے حالیہ دورے کی جامع رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو عوامی کھلی کچہریوں، تعلیمی وطبی مراکز کے معائنے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مسائل کو تین مراحل میں تقسیم کرتے ہوئے فوری اقدامات کے لیے 7 سے 10 روز، درمیانی مدت کے اقدامات کے لیے 20 روز اور طویل المدتی اقدامات کے لیے 60 روز کی واضح مدت مقرر کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کے روز گوادر میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں مکران روٹ پر چلنے والی مسافر بسوں کے ذریعے ایرانی تیل کی نقل وحمل پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں واضح ہدایات جاری کی گئیں کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والی مسافر بسوں اور متعلقہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مسافر بسیں عوام کی محفوظ سفری سہولت کے لیے ہیں، انہیں تیل کی غیر قانونی نقل وحمل کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ متعلقہ حکام پابندی پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایات کی روشنی میں مکران ڈویژن کے اضلاع گوادر، پنجگور اور پنجگور میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے سیکرٹریز کمیٹی کے حالیہ دورے کی جامع رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو عوامی کھلی کچہریوں، تعلیمی وطبی مراکز کے معائنے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مسائل کو تین مراحل میں تقسیم کرتے ہوئے فوری اقدامات کے لیے 7 سے 10 روز، درمیانی مدت کے اقدامات کے لیے 20 روز اور طویل المدتی اقدامات کے لیے 60 روز کی واضح مدت مقرر کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کے روز گوادر میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں مکران روٹ پر چلنے والی مسافر بسوں کے ذریعے ایرانی تیل کی نقل وحمل پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں واضح ہدایات جاری کی گئیں کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والی مسافر بسوں اور متعلقہ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مسافر بسیں عوام کی محفوظ سفری سہولت کے لیے ہیں، انہیں تیل کی غیر قانونی نقل وحمل کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ متعلقہ حکام پابندی پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایات کی روشنی میں مکران ڈویژن کے اضلاع گوادر، پنجگور اور پنجگور میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے سیکرٹریز کمیٹی کے حالیہ دورے کی جامع رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو عوامی کھلی کچہریوں، تعلیمی وطبی مراکز کے معائنے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مسائل کو تین مراحل میں تقسیم کرتے ہوئے فوری اقدامات کے لیے 7 سے 10 روز، درمیانی مدت کے اقدامات کے لیے 20 روز اور طویل المدتی اقدامات کے لیے 60 روز کی واضح مدت مقرر کی جائے گی۔

05

ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ عوام اور تاجروں کے تمام جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی سے انجمن تاجران کے نمائندوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انجمن تاجران کے نمائندوں اور عوام نے اپنے درپیش مسائل اور مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ مسافر بسیں عوام کی محفوظ سفری سہولت کے لیے ہیں، انہیں تیل کی غیر قانونی نقل وحمل کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ متعلقہ حکام پابندی پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایات کی روشنی میں مکران ڈویژن کے اضلاع گوادر، پنجگور اور پنجگور میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے سیکرٹریز کمیٹی کے حالیہ دورے کی جامع رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو عوامی کھلی کچہریوں، تعلیمی وطبی مراکز کے معائنے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مسائل کو تین مراحل میں تقسیم کرتے ہوئے فوری اقدامات کے لیے 7 سے 10 روز، درمیانی مدت کے اقدامات کے لیے 20 روز اور طویل المدتی اقدامات کے لیے 60 روز کی واضح مدت مقرر کی جائے گی۔

06

حادثات (RTAs) اور ماں و بچے کی صحت (MNCH) سے متعلق امور زیر بحث آئے اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ایس او پیز کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات فراہم کی جاسکیں کمشنر نے خصوصی طور پر ایمرجنسی سروسز کے لیے مقررہ فاصلے کے حوالے سے ہدایت کی کہ موجودہ فاصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اس میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ پورے ضلع میں صرف ایک 1122 سینٹر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار صرف ماں اور بچے کی صحت تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ روڈ ٹریفک حادثات، طوفان، بارش اور دیگر قدرتی آفات سمیت ہر قسم کی ہنگامی اور ریسکیو صورتحال کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سے MERC / بیس 1122 لورالائی سینٹر کے انچارج نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ دفتر کمشنر میں ملاقات کی، جس میں 1122 کی ہنگامی امدادی خدمات، اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور سروسز کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران 1122 سینٹر کے ایس او پیز (SOPs) کے حوالے سے کمشنر لورالائی ڈویژن کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ایمرجنسی سروسز کے دائرہ کار، فاصلے کے تعین، لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے MNCH سے متعلق ڈیٹا، طبی ہنگامی صورتحال، روڈ ٹریفک حادثات (RTAs) اور ماں و بچے کی صحت (MNCH) سے متعلق امور زیر بحث آئے اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ایس او پیز کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات فراہم کی جاسکیں کمشنر نے خصوصی طور پر ایمرجنسی سروسز کے لیے مقررہ فاصلے کے حوالے سے ہدایت کی کہ موجودہ فاصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اس میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ پورے ضلع میں صرف ایک 1122 سینٹر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار صرف ماں اور بچے کی صحت تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ روڈ ٹریفک حادثات، طوفان، بارش اور دیگر قدرتی آفات سمیت ہر قسم کی ہنگامی اور ریسکیو صورتحال کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ سے MERC / بیس 1122 لورالائی سینٹر کے انچارج نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ دفتر کمشنر میں ملاقات کی، جس میں 1122 کی ہنگامی امدادی خدمات، اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور سروسز کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران 1122 سینٹر کے ایس او پیز (SOPs) کے حوالے سے کمشنر لورالائی ڈویژن کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ایمرجنسی سروسز کے دائرہ کار، فاصلے کے تعین، لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے MNCH سے متعلق ڈیٹا، طبی ہنگامی صورتحال، روڈ ٹریفک حادثات (RTAs) اور ماں و بچے کی صحت (MNCH) سے متعلق امور زیر بحث آئے اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ایس او پیز کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر امدادی سہولیات فراہم کی جاسکیں کمشنر نے خصوصی طور پر ایمرجنسی سروسز کے لیے مقررہ فاصلے کے حوالے سے ہدایت کی کہ موجودہ فاصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اس میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ پورے ضلع میں صرف ایک 1122 سینٹر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار صرف ماں اور بچے کی صحت تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ روڈ ٹریفک حادثات، طوفان، بارش اور دیگر قدرتی آفات سمیت ہر قسم کی ہنگامی اور ریسکیو صورتحال کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔

07

انڈوں کی قیمت 360 روپے فی درجن تک پہنچ گئی ہے۔ سبزیوں میں آلو 300 روپے جبکہ پیاز کی دھڑی 700 روپے میں فروخت ہونے کی شکایات ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے باعث پہلے ہی گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو چکا ہے، جبکہ دکانداروں اور قصابوں کی جانب سے مبینہ طور پر من مانے نرخ وصول کیے جارہے ہیں۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول کمیٹی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے تمام بازاروں اور مارکیٹوں میں سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ناجائز منافع خوری اور زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء ۔ عوام کو مناسب نرخوں پر فراہم کی جائیں تاکہ مہنگائی کے ستائے شہریوں کو کچھ ریلیف مل سکے۔

08

ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی نگرانی میں پاکستان کے پہلے خلائی مشن کی اہمیت اور سائنسی میدان میں ملک کی پیش رفت کو اجاگر کرنے کے لیے ضلع زیارت کے مختلف اہم شاہراہوں اور نمایاں مقامات پر آگاہی پوسٹرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد عوام بالخصوص نوجوان نسل میں سائنس، ٹیکنالوجی، خلائی تحقیق اور جدید سائنسی علوم سے متعلق شعور و آگاہی پیدا کرنا ہے۔ پوسٹرز کے ذریعے پاکستان کی خلائی تحقیق کے شعبے میں پیش رفت، قومی صلاحیتوں اور سائنسی کامیابیوں کو نمایاں کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی کے فروغ سے پاکستان ترقی اور خود انحصاری کی نئی منزلیں حاصل کرسکتا ہے۔

09

موجودگی، او پی ڈی رجسٹر، انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کے طریقہ کار، طبی آلات کو جراثیم سے پاک کرنے کے طریقوں، بیماریوں کی نگرانی کے نظام، ضروری ادویات کی دستیابی، صحت دہلیز ایپ کی سرگرمیوں، ٹیلی ہیلتھ سروسز کی فعالیت، انٹرنیٹ کی سہولت اور بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری ترقیاتی کاموں سمیت بنیادی مراکز صحت کے دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر نے غیر حاضر عملے کو سخت وارننگ دیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام اہلکار اپنی حاضری یقینی بنائیں اور فرائض منصبی ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔

10

بازار کی تعمیر، توسیع اور بحالی کے جامع منصوبے پر بھی کام کر رہی ہے، جس کا مقصد گوادر کے قدیم تجارتی مراکز کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنا اور اولڈ ٹاؤن کی تاریخی و تجارتی اہمیت کو بحال کرنا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جنت بازار کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کے جامع منصوبے پر باقاعدہ کام شروع کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں تجاوزات کے خاتمے، ملبہ ہٹانے، ارتھ ورک اور لینڈ اسکیپنگ کا کام شروع کیا گیا ہے، جس کے بعد پیور اور ٹف ٹائلنگ کی جائے گی جبکہ اگلے مرحلے میں بازار میں شیڈز تعمیر کیے جائیں گے۔ بجلی کے کھمبوں اور تاروں کی منتقلی کے لیے کیسکو کو ادائیگیاں بھی کی جا چکی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی ہدایت کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں دکانداروں، انجمن تاجران اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تیزی کے ساتھ آگے بڑھائی جائیں گی تاکہ کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور خصوصاً خواتین سمیت خریداروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ جی ڈی اے جنت بازار کے ساتھ شاہی بازار کی تعمیر، توسیع اور بحالی کے جامع منصوبے پر بھی کام کر رہی ہے، جس کا مقصد گوادر کے قدیم تجارتی مراکز کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنا اور اولڈ ٹاؤن کی تاریخی و تجارتی اہمیت کو بحال کرنا ہے۔

11

خان ناصر، پولیس اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے شہر کے مختلف علاقوں میں مشترکہ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران دکانوں کے باہر غیر قانونی طور پر رکھا گیا سامان ہٹایا گیا، سڑکوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی جبکہ سڑکوں پر کھڑی ریڑھیوں کو ہٹانے کے ساتھ ہسپتال کے سامنے غیر قانونی طور پر کھڑی پک اپ گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ خلاف ورزی کرنے والی متعدد دکانوں کو سیل بھی کر دیا گیا۔

12

ہیلتھ سینٹر (RHC) کچھ عمکڑئی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا دورے کے دوران ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال اور بعض عملے کی غیر حاضری پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض میں غفلت، ڈیوٹی سے غیر حاضری اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام طبی و معاون عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف محکمانہ ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر محمد فہیم خان نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کا معائنہ بھی کیا اور ان سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔

13

بلوچستان کی ایک اہم علمی، ادبی اور روحانی شخصیت تھے۔ آپ صوفی شاعر اور عالمِ دین تھے جنہوں نے اپنی زندگی علمِ دین، درس و تدریس، صوفیانہ شاعری اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فروغ کے لیے وقف کی۔

14

اساتذہ کو مصنوعی ذہانت کی جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا، ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور تدریسی عمل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا تھا دو روزہ سیمینار کے دوران شرکاء کو مصنوعی ذہانت کے بنیادی تصورات، جدید تعلیمی نظام میں اس کی اہمیت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی و تحقیقی سرگرمیوں میں اے آئی سے استفادے کے مختلف طریقوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی اور تربیت فراہم کی گئی۔ اساتذہ کو بتایا گیا کہ مصنوعی ذہانت کے مؤثر استعمال سے تدریسی مواد کی تیاری، طلباء کی تعلیمی ضروریات کو سمجھنے، اسباق کی بہتر منصوبہ بندی اور تعلیمی معیار میں بہتری لانے میں مدد حاصل کی جاسکتی ہے سیمینار کے اختتامی سیشن میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور شرکاء سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کا دور ہے۔

15

ٹریلرز آپس میں ٹکرا گئے، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا۔ چھپا ذرائع کے مطابق زخمی شخص کی شناخت 30 سالہ مہربان ولد بشیر کے نام سے ہوئی، زخمی کو چھپا ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

16

اراضی کے انتقالات، رجسٹری، جمعبندیوں کی تکمیل اور سرکاری اراضی و ریونیو ریکارڈ کی درستگی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر زیر التواء ریونیو کیسز، سرکاری واجبات کی وصولی اور متعلقہ شعبوں کی کارکردگی پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زیر التواء ریونیو معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور سرکاری محصولات کی وصولی کے لیے مؤثر اقدامات اٹھاتے ہوئے مقررہ اہداف بروقت حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ریونیو امور میں شفافیت، میرٹ اور قواعد وضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

17

ڈسٹرکٹ منیجر PPHI اسداللہ نے ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے ضلع میں جاری صحت کے پروگرامز، مراکز صحت کی فعالیت، طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی کارکردگی، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت عامہ کا شعبہ براہِ راست عوام کی زندگیوں اور بنیادی ضروریات سے وابستہ ہے۔

18

جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسیئن روڈز فضل محمد زرکون، ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈیشنل کمشنر نے لورالائی روڈ، مین بارکھان روڈ، صمند خان گلی اور ماڈل بازار رکھنی میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار کا خاص خیال رکھا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر اور ناقص کام کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ بعد ازاں ایڈیشنل کمشنر نے ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی کے ہمراہ پی اینڈ آر آفس میں زیر تعمیر پری فیبر یکیڈٹ کوارٹرز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔

19

آئے ہیں، ان کو بھی اسکالرشپس کا تحفہ مل رہا ہے جب کہ میں نے لیپ ٹاپس میں بھی کے پی کے بچوں کا حصہ بھی رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے شہر میں کسی کو کوئی مرض ہوتا تھا تو سہولتیں نہ ہونے سے اسے بڑے شہر لے جایا جاتا تھا، آج اگر کسی کو چکوال میں دل کا عارضہ ہوتا ہے تو اسی شہر میں اس کا مفت علاج ہوگا۔

20

ٹریلرز آپس میں ٹکرا گئے، حادثے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا۔ چھپا ذرائع کے مطابق زخمی شخص کی شناخت 30 سالہ مہربان ولد بشیر کے نام سے ہوئی، زخمی کو چھپا ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

21

گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلعی انتظامیہ اور عوام کے مابین براہِ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور علاقائی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، زراعت، جنگلات، بلدیات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ضلعی سربراہان کی موقع پر حاضری کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی اجتماعی و انفرادی شکایات پر فوری احکامات جاری کیے جا سکیں۔ فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے مزید کہا کہ متعلقہ آفسران کو عوامی درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر عملدرآمد کی رپورٹ پیش کرنے کی سخت ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی پالیسیوں اور گڈ گورننس کے وژن کے عین مطابق ضلع بھر میں عوامی شکایات کے فوری آزالے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں آفسران اور سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلعی انتظامیہ اور عوام کے مابین براہِ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور علاقائی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، زراعت، جنگلات، بلدیات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ضلعی سربراہان کی موقع پر حاضری کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی اجتماعی و انفرادی شکایات پر فوری احکامات جاری کیے جا سکیں۔ فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے مزید کہا کہ متعلقہ آفسران کو عوامی درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر عملدرآمد کی رپورٹ پیش کرنے کی سخت ہدایات جاری کی گئیں۔

22

جس کے لئے گزشتہ ماہ درخواست جمع کرائی گئی تھی۔ محکمہ داخلہ سندھ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ایم کیو ایم کی جانب سے ریلی اور جلسے کی درخواست تین روز قبل موصول ہوئی تھی۔

23

اداروں میں سہولیات کی فراہمی، تدریسی معیار اور امتحانی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، اس سلسلے میں سیکریٹری اسکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفرنے دورہ گوادر کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا، طالبات سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی کارکردگی، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے اسکول میں قائم سائنس اور کمپیوٹر لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا۔ اسکول انتظامیہ نے انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل سے آگاہ کی

فرانسیسی نیوز ایجنسی پر سائبر حملہ، آن لائن پلیٹ فارم عارضی طور پر معطل

روزنامہ
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

پیرس (اے این این) پیرس میں قائم بین الاقوامی خبر رساں ادارے ایجنسی فرانس پریس (اے ایف پی) نے سائبر حملے کے بعد اپنا آن لائن پلیٹ فارم اے ایف پی فورم عارضی طور پر بند کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق خبر رساں ایجنسی کی انتظامیہ نے سائبر حملوں کی تصدیق کی ہے۔ خبر رساں ایجنسی کی انتظامیہ کی جانب سے ارسال کردہ ایک داخلی ای میل کے مطابق سائبر حملہ پیرس کے مقامی وقت کے مطابق رات 1 بج کر 30 منٹ (پاکستانی وقت کے مطابق صبح 5 بج کر 30 منٹ) پر شروع ہوا، جس کا ہدف اے ایف پی فورم تھا۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ جیسے ہی سائبر حملوں کا علم ہوا تو احتیاطی

کراچی، گرنے والی عمارت سے مزید 2 نعشیں نکال لی گئیں، اموات 6 ہوگئی

13 افراد لاپتہ، سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے گزشتہ تین سالہ معاملات کی تفصیلی انکوائری کا حکم

کراچی (اے این این) کراچی کی ایڈمن سوسائٹی میں عمارت گرنے کے واقعے میں جاں بحق افراد کی تعداد 6 ہوگئی جبکہ 14 افراد زخمی اور 13 تاحال لاپتہ ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق عمارت کے ملبے سے مزید 2 لاشیں نکال لی گئیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق مزید افراد کے بھی ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ہے، ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کے دوران احتیاط برتی جا رہی ہے، ہیوی مشینری کے استعمال کی نسبت مینوئل سرچ پر زیادہ فوکس ہے، ہیوی مشینری کے استعمال سے ملبے تلے موجود باڈیز خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ حکام کے مطابق مشینری کے استعمال سے عمارت کا اسٹرکچر مزید گرنے کا بھی امکان ہے۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے گزشتہ تین سالہ معاملات کی تفصیلی انکوائری کا حکم دے دیا گیا شہر میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام میں ناکامی اور ذمہ داران کے تعین کے لئے وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) کے گزشتہ تین سالہ معاملات کی تفصیلی انکوائری کا حکم دے دیا گیا۔ وزیراعلیٰ اسپیکشن ٹیم کو تحقیقات مکمل کر کے 15

لیبیا کشتی حادثہ، اطلاعات کی اب تک آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی، دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے لیبیا کے قریب تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے اور حادثے میں پاکستانی شہریوں کے متاثر ہونے کی خبروں پر کہا ہے کہ ان اطلاعات کی اب تک آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ ہم امید اور دعا کرتے ہیں کہ یہ سچ نہ ہوں۔ سماجی رابطوں کے نیٹ ورک ایکس پر جاری بیان میں دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ تاحال لیبیا میں کسی کشتی حادثے کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی، حکومت ان رپورٹس کی حقیقت جاننے کے لیے متعلقہ حکام سے رابطے میں ہے۔ طرابلس میں پاکستانی سفارت خانہ حقائق کا پتہ لگانے کی کوشش کر رہا ہے۔ جن میں ممکنہ طور پر پاکستانی شہریوں

فلائی دبئی کا تقریباً 2 ماہ بعد اسرائیل کیلئے پروازیں بحال کرنے کا اعلان

دبئی اور تل ابیب کے درمیان براہ راست پروازیں 3 دسمبر سے بحال ہوں گی، ٹکٹوں کی فروخت شروع

دبئی (اے این این) متحدہ عرب امارات کی فضائی کمپنی فلائی دبئی نے تقریبا 2 ماہ کی معطلی کے بعد اسرائیل کیلئے براہ راست پروازیں بحال کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق فلائی دبئی کے ترجمان نے تصدیق کی کہ متعلقہ حکام سے منظوری ملنے کے بعد دبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور تل ابیب کے بین گوریون انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے درمیان براہ راست پروازیں 3 دسمبر 2026 سے دوبارہ شروع کر دی جائیں گی۔ فضائی کمپنی نے اپنی پروازوں کیلئے ٹکٹوں کی فروخت بھی بحال کر دی ہے۔ مسافر فلائی دبئی کے بکنگ ذرائع سے ٹکٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ فلائی دبئی نے 30 ستمبر کو دبئی سے تل ابیب جانے والی پرواز میں پیش آنے والے ایک سنگین واقعے کے بعد اسرائیل کیلئے تمام پروازیں معطل کر دی تھیں۔ متحدہ عرب امارات کے استغاثہ کے مطابق طیارے کے عمانی معاون پائلٹ پر الزام ہے کہ اس نے طیارے کو تباہ کرنے کی کوشش کی تھی، تاہم اس کوشش کو ناکام بنا دیا گیا اور طیارے نے سعودی عرب کے شہر تبوک میں بحفاظت ہنگامی لینڈنگ کی۔ رپورٹ کے مطابق طیارے میں 174 افراد سوار تھے جن میں اکثریت اسرائیلی شہریوں کی تھی۔ واقعے کے بعد اماراتی حکام نے تحقیقات شروع کر دی تھیں۔ اسرائیلی وزیر ٹرانسپورٹ میری ریگیو نے رواں ہفتے فلائی دبئی



اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکا ایران تنازع میں ثالث کے طور پر کلیدی سیاسی کردار ادا کیا، پاکستان

پاکستان مستقبل میں بھی عالمی امن و خوشحالی، تنازعات کے حل کیلئے تعمیری خدمات پیش کرتا رہے گا

گزشتہ ایک سال میں دوطرفہ شراکت داری مزید مستحکم ہوئی ہے جو لائق تحسین و تشکر ہے، امریکا میں پاکستان کے سفیر

واشنگٹن (اے این این) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکا ایران تنازع میں قابلِ اعتماد ثالث کے طور پر کلیدی سیاسی کردار ادا کیا۔ امریکا میں یومِ شکر گزاری کے موقع پر سفیر پاکستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان مستقبل میں بھی عالمی امن و خوشحالی، تنازعات کے حل کیلئے تعمیری خدمات پیش کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں دوطرفہ شراکت داری مزید مستحکم ہوئی ہے جو لائق تحسین و تشکر ہے۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکا ایران تنازع میں قابلِ اعتماد ثالث کے طور پر کلیدی سیاسی کردار ادا کیا۔ امریکا میں یومِ شکر گزاری کے موقع پر سفیر پاکستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان مستقبل میں بھی عالمی امن و خوشحالی، تنازعات کے حل کیلئے تعمیری خدمات پیش کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں دوطرفہ شراکت داری مزید مستحکم ہوئی ہے جو لائق تحسین و تشکر ہے

یوکرین کا پہلی مرتبہ روسی جیٹ انجن والے حملہ آور ڈرون کو مار گرانے کا دعویٰ

روسی بحری جہازوں پر حملے کا مقصد جنگ کو لیبیا تک پھیلانا نہیں، یوکرینی وزیر خارجہ

کیف (اے این این) یوکرین نے پہلی مرتبہ لیزر ہتھیار کا استعمال کرتے ہوئے روسی جیٹ انجن والے حملہ آور ڈرون کو مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرین کے صدر زیلنسکی کے سینئر عسکری مشیر نے کہا ہے کہ یہ ڈرون بلسک لیزر ائیر ڈیفنس سسٹم کے ذریعے تباہ کیا گیا جسے یوکرین کی دفاعی ٹیکنالوجی کمپنی کارمائن اسکائی نے ڈیزائن اور تیار کیا ہے۔ لیزر ائیر ڈیفنس سسٹمز کے لیے ٹیکنالوجی وسیع تر پرائیویٹ ائیر ڈیفنس پروگرام کے حصے کے طور پر تیار کی جا رہی ہے، یوکرین بھر سے 100 کمپنیاں حکومت کے حمایت یافتہ اس نجی فضائی دفاعی اقدام میں شامل ہوچکی ہیں۔ روس نے رواں سال کے اوائل میں یوکرین پر اپنے حملوں میں جیٹ انجن والے ڈرونز تعینات کرنا شروع کئے تھے، یہ ڈرونز زیادہ تیز رفتاری سے پرواز کرتے ہیں جس کی وجہ سے عام پروپیلر سے چلنے والے حملہ آور ڈرونز کے مقابلے میں انہیں روکنا یا مار گرانا زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ جون کے مہینے تک یوکرین ان جیٹ انجن والے ڈرونز میں سے صرف 57 فیصد کو ہی روک پا رہا تھا جو ایک بڑی دفاعی کمزوری تھی

یورپی یونین اجلاس میں یوکرین کیلئے 49 ارب کے نئے قرض پر اتفاق نہ ہوسکا

رکن ممالک کا زراعت اور ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز برقرار رکھنے کا مطالبہ

برسلز (اے این این) یورپی یونین کے سربراہی اجلاس میں آئندہ سات سالہ بجٹ اور یوکرین کی معاشی و عسکری ضروریات کے لیے 49 ارب ڈالر کے نئے قرض پر 12 گھنٹے طویل مذاکرات کے باوجود اتفاق رائے نہ ہو سکا۔ اجلاس میں جرمنی، نیدرلینڈز، آسٹریا اور سویڈن سمیت بجٹ میں بڑا حصہ ڈالنے والے ممالک نے اخراجات میں کمی اور کفایت شعاری پر زور دیا جبکہ فرانس اور اٹلی کی قیادت میں دیگر رکن ممالک نے زراعت اور ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز برقرار رکھنے کا مطالبہ کیا۔ فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے معاہدے کے لئے رواں سال کے اختتام تک کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے کہا آئندہ سال فرانس میں صدارتی انتخابات کے باعث 31 دسمبر کے بعد اس معاملے پر بات چیت ممکن نہیں ہوگی۔ اب رہنما 17 اور 18 دسمبر کو دوبارہ سر جوڑیں گے، یوکرین کی امداد کے معاملے پر بھی بلاک دو حصوں میں تقسیم نظر آیا۔ جرمن چانسلر فریڈرک مرز نے تمام 27 رکن ممالک کی جانب سے یوکرین کی مشترکہ مالی معاونت پر زور دیا، تاہم ہنگری، چیک ریپبلک، بلغاریہ اور سلواکیہ نے یورپی بجٹ سے یوکرین کو

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دار الحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک

لیاقت علی گل کے انتقال پر سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی اور سابق صدر کوئٹہ پریس کلب مرحوم مرزا رشید بیگ کے برادر زوجہ اور سماء ٹی وی کے رپورٹر نور العارفین کے چچا لیاقت علی گل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، مہم بلاتعطل جاری رکھنے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے ویژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں مجسٹریٹ عامر قیصرانی اور اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کے سپروائزر سرور احمد کی نگرانی میں سریاب روڈ، لنک بادینی، بی بی زیارت اور موسیٰ کالونی کے علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا، کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو بھاری مشینری اور عملے کی مدد سے ہٹا کر سڑکوں کو ٹریفک کی روانی کے لیے مکمل طور پر کلیئر کر دیا گیا۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن حکام کے مطابق شہریوں کو آمدورفت

خیبر میں سرچ آپریشن، دہشتگردوں سے فائرنگ کا تبادلہ، 6 پولیس اہلکار زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر کے علاقے ملوارڈ، اکاخیل میں پولیس کی جانب سے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 6 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے پشاور منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں سرچ آپریشن تاحال جاری ہے۔ خیبر کے علاقے ملوارڈ، اکاخیل میں سرچ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 6 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے پشاور منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں سرچ آپریشن تاحال جاری ہے۔ خیبر کے علاقے ملوارڈ، اکاخیل میں

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت نے لوک میلہ 2026 کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے لوک میلہ 2026 کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کے علاوہ وزیر مملکت حذیفہ رحمان، وفاقی سیکرٹری اسد رحمان گیلانی ڈاکٹر وقاص سلیم اور دیگر معزز شخصیات نے خاص طور پر شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ لوک میلہ پاکستان کی ثقافتی شناخت اور قومی یکجہتی کا مظہر ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوک میلہ میں ملک بھر کے ہنرمندوں اور فنکاروں کو صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ پاکستان میں ہنر اور ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ضرورت صرف ہنرمندوں کو مواقع فراہم کرنے کی ہے۔ وزیر

جے یو آئی ف کی کال پر ملک کے مختلف شہروں میں ہونیوالا احتجاج ختم

لاہور (اے این این) جمعیت علمائے اسلام ف کی کال پر ملک کے مختلف شہروں اور شاہراہوں پر ہونے والے احتجاج ختم کر دیے گئے۔ احتجاج ختم ہونے کے بعد متاثرہ علاقوں میں ٹریفک کی بحالی کا عمل شروع ہو گیا اور بیشتر مقامات پر صورتحال معمول پر آ گئی۔ لاہور پولیس نے ٹھوکر نیاز بیگ پر مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے گرفتاری دینے کی تردید کر دی اور کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن لاہور میں اپنی رہائش گاہ پر موجود ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق ملک کے مختلف حصوں میں جے یو آئی کے احتجاج کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہی، تاہم احتجاج ختم ہونے کے بعد مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت

افغان طالبان کی پالیسیوں پر عالمی تنقید، ایمنسٹی انٹرنیشنل کا احتساب کا مطالبہ

اوٹاوا (اے این این) ایمنسٹی انٹرنیشنل اور یورپی ممالک نے افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر سخت موقف اختیار کیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کینیڈا نے افغانستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے افغان طالبان کو عالمی کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کینیڈا کے مطابق طالبان کے اقتدار پر قبضے کے پانچ سال بعد بھی افغانستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بلا روک ٹوک جاری ہیں، سرِ عام سزائیں، خواتین کے خلاف پابندیاں اور جبری گمشدگیاں ان خلاف ورزیوں کے نمایاں پہلو ہیں۔ برلن فارن پالیسی فورم میں جرمن وزیر خارجہ یوہان ویڈفل نے واضح کیا کہ جرمنی طالبان کو افغانستان کی جائز

بینکاک، تیل کی تنصیب پر زوردار دھماکے، 9 افراد جھلس کر زخمی

بینکاک (اے این این) تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں تیل کی تنصیب پر زوردار دھماکے کے بعد آگ لگنے سے 9 افراد زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق تنصیب میں لگنے والی آگ بجھا دی گئی ہے تاہم آتشزدگی کے بعد قریبی رہائشیوں کو عارضی طور پر وہاں سے نکال دیا گیا بینکاک میں ایراوان میڈیکل سینٹر کے مطابق زخمیوں میں سے تین افراد کی حالت تشویشناک ہے، تمام افراد جھلس کے زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ویڈیو میں بینکاک کے مشرقی علاقے میں واقع جائے وقوعہ سے سیاہ دھوئیں کے گہرے بادل اٹھتے ہوئے دکھائی دیئے۔ بینکاک کارپوریشن نے اپنے بیان میں آگ لگنے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس

خیبر پختونخوا میں احتجاجی سرگرمیوں سے نمٹنے کیلئے دفعہ 144 نافذ

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں احتجاجی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لئے دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق صوبے کے تمام اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے، تمام ڈپٹی کمشنرز کو اپنے اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کرنے کی ہدایات کر دی گئی۔ صوبہ بھر میں سڑکیں بند کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور گرفتاریاں ہوں گی، ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنیوالوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ دفعہ 144 کے نفاذ کا مقصد سڑکوں کی بندش، احتجاج کے باعث عوامی آمدورفت بحال رکھنا ہے۔ خیبر پختونخوا میں احتجاجی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لئے دفعہ 144 نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا

پشاور، جے یو آئی کے 16 رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف ایف آئی اردرج

پشاور (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے موٹروے ٹول پلازے کے قریب احتجاج کے معاملے میں جے یو آئی کے 16 رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف ایف آئی ار درج کرلی گئی۔ پولیس نے کہا کہ ایف آئی ار ایس ایچ او کی مدعیت میں تھانا چمکنی میں درج کیا گیا، مقدمے میں جے یو آئی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عطاالحق درویش بھی نامزد کئے گئے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ جے یو آئی ایم پی اے اعجاز محمد اور صوبائی ترجمان جلیل جان بھی نامزد ہیں، مظاہرین نے موٹروے کے دونوں اطراف کو ہر قسم ٹریفک کے لئے بند کیا، مولانا عطاالحق درویش، ایم پی اے اعجاز اور جلیل جان نے مذاکرات سے انکار کیا۔ ایف آئی ار کے متن کے مطابق مظاہرین نے 4 سے لیکر 5 گھنٹوں تک موٹروٹ کو بند رکھا، موٹروے بندش سے لوگوں کو

ملک بند گلی میں، کسی میں اتنی صلاحیت نظر نہیں آتی کہ بہتر سمت میں لے جا سکے، شوکت یوسفزئی

نئے صوبوں کے متعلق پی ٹی آئی کا فیصلہ باقاعدہ ڈرافٹ سامنے آنے کے بعد کیا جائے گا، رہنما پی ٹی آئی کی گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ملک بند گلی میں کھڑا ہے، کسی میں اتنی صلاحیت نظر نہیں آتی کہ وہ ملک کو بہتر سمت میں لے جا سکے میں تو شروع دن سے کہتا آیا ہوں کہ یہ ایک پتلی تماشا ہے، ایسا نہیں ہے کہ کوئی حکومت چھوڑ کر جا رہا ہے یا اس نوعیت کی کوئی صورتِ حال ہے۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا ابتدا میں انہوں نے چارٹر آف ڈیموکریسی کیا، اس سے پہلے یہ ایک دوسرے کو چور کہتے تھے، لیکن پھر چارٹر آف ڈیموکریسی پر دستخط کر کے ایک ساتھ بیٹھ گئے۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ اگرچہ اب انہوں نے مولانا کو فارغ کر دیا ہے، جنہوں نے حکومت گرانے میں کردار ادا کیا تھا، لیکن یہ ایک دوسرے کے بغیر نہیں چل سکتے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ملک اس وقت ایک بند گلی میں کھڑا ہے۔ کسی میں اتنی صلاحیت نظر نہیں آتی کہ وہ ملک کو بہتر سمت میں لے جا سکے۔ یہ حکومت تو معاملات مزید خراب کر رہی ہے۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی چلیں، پھر بھی بات کر لیتی ہے، لیکن مسلم لیگ ن جس انا اور تکبر میں ہے، میں نہیں جانتا کہ وہ کس



کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مجیب الرحمٰن مری سے پارلیمانی سیکریٹری برائے انرجی میر اصغر رند ملاقات کر رہے ہیں

سبزی منڈی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ترقیاتی کام جاری ہیں، خالد خان

سبزی، فروٹ اور گوشت کی خریداری کے لیے جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی

جعفر آباد (اے این این) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ ضلع جعفر آباد میں سبزی منڈی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جس کا مقصد عوام کو سبزی، فروٹ، گوشت اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء ایک ہی جگہ پر بہتر اور منظم انداز میں فراہم کرنا ہے تاکہ شہریوں کو خریداری کے حوالے سے درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن بنایا جاسکے۔ سبزی منڈی کی جدید خطوط پر تعمیر و ترقی سے نہ صرف عوام کو سہولیات میسر آئیں گی بلکہ تاجروں، آڑھتیوں اور کاروباری افراد کو بھی ایک بہتر کاروباری ماحول فراہم ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبزی منڈی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکریٹری مارکیٹ کمیٹی ممتاز علی جنگ نے ڈپٹی کمشنر کو ترقیاتی منصوبے کے مختلف پہلوؤں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سبزی منڈی میں سڑکوں کی تعمیر، شیڈز کی تنصیب اور دیگر بنیادی و ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی کام جاری ہیں، جنہیں مقررہ منصوبہ بندی کے تحت پایہ تکمیل

ڈی جی ایکسائز نارتھ محمد ایوب ہزارہ کا زیر تربیت افسران سے خطاب، محکمانہ امور پر بریفنگ

عملی تربیت، بین المحکمہ جاتی تعاون اور محصولات وانسداد منشیات کے نظام سے آگاہی فراہم کی گئی

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز نارتھ محمد ایوب ہزارہ نے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن S&GAD حکومتِ بلوچستان کے زیر تربیت سپرنٹنڈنٹس اور آفس کوآرڈینیٹرز سے خطاب کیا، جنہوں نے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و اینٹی نارکوٹکس حکومتِ بلوچستان کا مقامی مطالعاتی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی جی ایکسائز نارتھ محمد ایوب ہزارہ نے شرکاء کو محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و اینٹی نارکوٹکس کے انتظامی ڈھانچے، فرائض، ذمہ داریوں اور محکمانہ امور کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی، پیشہ ورانہ مہارت، دفتری نظم وضبط اور بین المحکمہ جاتی تعاون کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار میں اضافے کے لیے عملی تربیت اور مختلف محکموں کے مطالعاتی دورے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ شرکاء کو محکمہ ایکسائز کے مختلف شعبہ جات، محصولات کی وصولی، ٹیکس نظام، منشیات کی روک تھام اور انسدادِ منشیات کے سلسلے میں محکمے کی ذمہ داریوں اور سرگرمیوں کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ دورے کے دوران زیرِ

قومی شاہراہ N-70 پر ٹول پلازوں کے مقامات اور ٹیکس وصولی پر اہم اجلاس

ٹول پلازوں کے تعین میں ٹرانسپورٹرز کے تحفظات اور زمینی حقائق مدنظر رکھے جائیں، کمشنر

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی قومی شاہراہ N-70 پر ٹول پلازوں کے قیام، مقامات اور ٹول ٹیکس کی وصولی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر، این ایچ اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر (ریونیو) محمد عیسیٰ، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد نواز سومرو، ٹرک یونین بلوچستان کے صدر بلوچ خان اوتماخیل سمیت مختلف ٹرانسپورٹ یونینز کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس کے دوران این ایچ اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عیسیٰ نے کمشنر لورالائی ڈویژن کو قومی شاہراہ N-70 کے روٹ، اس کی تزویراتی، اقتصادی اور علاقائی اہمیت، شاہراہ کی مجموعی لمبائی، ٹریفک کی آمدورفت اور ٹول پلازوں کے قیام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ قومی شاہراہ N-70 پاکستان کا ایک اہم بین الصوبائی مشرقی و مغربی رابطہ روٹ ہے، جس کی مجموعی لمبائی تقریباً 441 کلومیٹر ہے۔ یہ شاہراہ صوبہ پنجاب اور شمالی بلوچستان کے درمیان اہم تجارتی و سفری رابطے کا ذریعہ ہے اور قومی شاہراہوں N-5 اور N-50 کو آپس میں منسلک کرتی ہیں۔ این ایچ اے حکام کے مطابق اس شاہراہ کا آغاز پنجاب کے شہر ملتان سے ہوتا

یوکرین سے 99 سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو میرٹ پر تعیناتی کے آرڈرز جاری

بلوچستان میں کوئی سرکاری نوکری فروخت نہیں ہوگی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گوادر کے 99 سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو میرٹ کی بنیاد پر تعیناتی کے آرڈرز جاری کر دیے، تعیناتی کے آرڈرز حاصل کرنے والوں میں خواتین اساتذہ بھی شامل ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے میرٹ پر کامیابی حاصل کرنے والی خواتین اساتذہ میں خود تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کیے اور ان سے بھرتیوں کے پورے عمل میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے سے متعلق دریافت کیا۔ خواتین اساتذہ نے بھرتیوں کے عمل پر مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں کسی سفارش یا سیاسی اثر و رسوخ کے بغیر اپنی قابلیت اور میرٹ کی بنیاد پر سرکاری ملازمت کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے شفاف انداز میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نے پہلے ہی دن صوبائی اسمبلی کے فلور پر واضح کر دیا تھا کہ بلوچستان میں کوئی سرکاری نوکری فروخت نہیں ہوگی، الحمدللہ عوام سے کیے گئے وعدے کو عملی طور پر پورا کر کے دکھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری



کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ڈی جی نیوٹیک ڈاکٹر حسین بخش مگسی ملاقات کر رہے ہیں

اوتھل، طلبہ کو عربی حروف کی شناخت اور لفظ سازی کی عملی تربیت دی گئی

سرگرمی پر مبنی تدریس سے طلبہ کا اعتماد اور یادداشت بہتر ہوتی ہے، اسکول انتظامیہ

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی دینی، لسانی اور تعلیمی استعداد کو بہتر بنانے کے لیے عربی حروف اور لفظ سازی کے عنوان سے ایک دلچسپ اور بامقصد تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کا مقصد طلبہ کو عربی حروف تہجی سے روشناس کرانا، حروف کی درست شناخت، تلفظ اور باہمی اتصال سے بامعنی الفاظ بنانے کی عملی تربیت دینا تھا۔ اس سرگرمی کو اسکول کے فوکل پرسن حیدر علی، محمد اکبر اور عبداللطیف نے بھرپور محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ طلبہ کو سکھایا۔ سرگرمی کے دوران طلبہ کو بتایا گیا کہ عربی حروف اپنی مخصوص آوازوں، شکلوں اور تحریری ساخت کی وجہ سے منفرد حیثیت رکھتے ہیں۔ بعض حروف لفظ کے آغاز، درمیان اور آخر میں اپنی شکل تبدیل کر لیتے ہیں، اس لیے ان کی مختلف شکلوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اساتذہ نے بلیک بورڈ، چارٹس، رنگین تعلیمی مواد اور عملی مشقوں کی مدد سے طلبہ کو الف، ب، ت، ث، ج، ح، خ سمیت دیگر حروف کی پہچان اور درست ادائیگی سکھائی۔ طلبہ کو ہر حرف کی آواز دہرانے اور اس کا دوسرے حروف سے فرق سمجھنے کا موقع بھی دیا گیا۔ سرگرمی کا سب سے دلچسپ حصہ لفظ سازی تھا، جس میں طلبہ نے مختلف حروف کو آپس میں ملا کر آسان

01

صوبائی صدر مولانا عبدالواسع کن اسمبلی میر زابد علی ریکی فضل قادر مندوخیل نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا اراکین اسمبلی و رہنماؤں جے یو ائی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان ملک کی ایک بڑی سیاسی و مذہبی جماعت کے سربراہ ہیں اور انہوں نے ہمیشہ آئین، جمہوریت، پارلیمانی بالادستی اور عوامی حقوق کی بات کی ہے۔ان کی سیاسی جدوجہد اور مؤقف سے اختلاف کیا جا سکتا ہے، لیکن اختلاف رائے کی بنیاد پر سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کونشانہ بنانا کسی صورت مناسب نہیں۔ جے یوآئی بلوچستان کے اراکین اسمبلی کا کہنا تھا کہ سیاسی کارکن کسی بھی جماعت کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں،ان کی گرفتاریوں اور سیاسی سرگرمیوں میں رکاوٹیں پیدا کرنے سے سیاسی بے چینی میں اضافہ ہوگا۔حکومت کو چاہیے کہ وہ سیاسی معاملات کو مذاکرات اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کرے اور ایسے اقدامات سے گریز کرے جن سے جمہوری ماحول متاثر ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک اس وقت معاشی، سیاسی اور انتظامی مشکلات سے گزر رہا ہے، ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے اتحاد، برداشت اور قومی مفاہمت کی ضرورت ہے۔حکومت کو سیاسی مخالفین کے خلاف کارروائیوں کے بجائے عوامی مسائل، مہنگائی، بے روزگاری، امن وامان اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دینی چاہیے۔اپوزیشن رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ مولانا فضل الرحمان سمیت جے یو آئی کے دیگر گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کے معاملات کو قانون اور آئین کے مطابق دیکھا جائے، گرفتار کارکنوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور سیاسی جماعتوں کو آزادانہ طور پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کا موقع فراہم کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ جمہوریت کا تقاضا ہے کہ اختلاف رائے کو برداشت کیا جائے اور سیاسی مسائل کا حل طاقت یا گرفتاریوں کے بجائے مذاکرات کے ذریعے نکالا جائے۔

02

ہے۔انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ خطے اور دنیا میں امن واستحکام کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ثالثی اور سفارتی کوششوں کے ذریعے عالمی امن کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کررہا ہے، عالمی تنازعات کے پرامن حل کے لیے مذاکرات اور سفارتی ذرائع کوفروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ سمندر پار پاکستانی اپنی محنت، صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ خدمات کے ذریعے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کررہے ہیں۔ کینیڈا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی پاک کینیڈا دوستی، پارلیمانی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور صنعتی تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، بیرون ملک مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات کے تجربات اور عالمی روابط پاکستان کی اقتصادی ترقی کے لیے اہم اثاثہ ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان عوامی، پارلیمانی، کاروباری اور سماجی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ وہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوستانہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے فروغ میں اپنا کردار جاری رکھے۔ سیدال خان ناصر نے ٹورنٹو میں پاکستانی کمیونٹی، میزبان شخصیات اور صحافیوں کی جانب سے پرتپاک استقبال اوران کے اعزاز میں تقریبات کے انعقاد پر اظہار تشکر کیا۔

03

چیت، اختلافِ رائے اور پرامن احتجاج ہر جمہوری معاشرے کا بنیادی حصہ ہیں، اس لئے ایسے اقدامات سے گریز کیا جانا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے مطالبہ کیا کہ اگر مولانا فضل الرحمن زیرِ حراست ہیں تو انہیں فوری طور پر رہا کیا جائے۔اس کے علاوہ ان کے بھائی، جمعیت علمائے اسلام کے زیرِ حراست کارکنوں اور ارکانِ پارلیمان کو بھی فوری رہائی دی جائے۔انہوں نے مزید اپیل کی کہ ملک میں کشیدگی کم کرنے اور جمہوری ماحول برقرار رکھنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

04

احکامات سے آگاہ کیا۔ترجمان جے یو آئی کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے حکومتی عزائم کو بھانپتے ہوئے کارکنوں اور حکومتی ٹکراؤ کے بجائے گرفتاری کو ترجیح دی، قائد جمعیت نے ملک کو تشدد اور انتشار سے بچانے کیلئے اپنی گرفتاری دی۔ اسلم غوری نے کہا کہ پارٹی کارکنان 10 گھنٹوں سے ملک بھر کی شاہراہوں پر دھرنا دیئے بیٹھے تھے، کارکنان اور عوام کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر حالات سنگین ہو رہے تھے، اس لئے مولانا فضل الرحمٰن نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے گرفتاری کا فیصلہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ کی رکاوٹوں کے باعث لاہور کے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے ہوئے، قومی وصوبائی شاہراہیں بند رہیں، ہم پورے ملک اور قوم کے شکر گزار ہیں، عوام کو پہنچنے والی تکلیف پر معذرت خواہ ہیں، ہماری تحریک اور جدوجہد بدستور جاری رہے گی۔اسلم غوری نے اعلان کیا کہ مولانا خواجہ خلیل احمد نے قائم مقام مرکزی امیر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ترجمان جے یو آئی نے کہا پارٹی کے سابقہ فیصلوں اور مولانا فضل الرحمٰن کے بیانیے کے مطابق تحریک جاری رہے گی، آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان پارٹی قیادت باہمی مشاورت کے بعد کرے گی۔دوسری جانب پولیس ذرائع کے مطابق سربراہ جے یوآئی مولانا فضل الرحمٰن کو گرفتار یا نظر بند نہیں کیا گیا ہے۔

05

گھنٹوں کے دوران مزید 19 فلسطینی شہید ہوگئے۔ فلسطینی وزارت صحت کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ برس 11 اکتوبر کو نافذ ہونے والی جنگ بندی کے بعد سے اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی مجموعی تعداد 1، 705 تک جا پہنچی ہے۔ وزارت صحت نے مزید بتایا کہ 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل کی جانب سے مسلط کی گئی جنگ کے آغاز سے اب تک غزہ میں مجموعی طور پر 74 ہزار 772 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق ہوچکی ہے جبکہ 1 لاکھ 76 ہزار 298 افراد زخمی ہوئے ہیں۔

06

مذاکرات کا راستہ اب بھی کھلا رکھا ہے، ہم نرمی برتنے کی کوشش کررہے ہیں اورانہیں معاہدہ کرنے اور بہت سی جانیں بچانے کا پورا موقع دے رہے ہیں لیکن مجھے یقین نہیں کہ آیا وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے یا نہیں۔ٹرمپ نے مزید کہا کہ کچھ لوگ سوال کرتے ہیں کہ ایران معاہدہ کیوں نہیں کررہا؟ کیا وہ پاگل ہیں؟ شاید وہ واقعی پاگل ہیں۔صدر ٹرمپ نے اشارہ دیا کہ جنگ میں فتح کے وقت کا تعین ان کا اپنا فیصلہ ہوگا، سچ پوچھیں تو یہ فتح جب میں چاہوں گا تب حاصل ہوجائے گی۔مشرق وسطیٰ کے ساتھ امریکا کے مستقبل کے تعلقات سے متعلق سوال کے جواب میں صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکہ کو مشرق وسطیٰ کے تیل کی ضرورت نہیں، ہمارے پاس کسی بھی دوسرے ملک سے زیادہ تیل موجود ہے، ہمیں جس چیز کی ضرورت ہے وہ مشرقِ وسطیٰ میں امن ہے کیونکہ اس کے بغیر خطے میں شدید بے چینی اور عدم استحکام پیدا ہوگا۔امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ مشرقِ وسطیٰ میں عدم استحکام کی صورت میں ایران اسرائیل اور مشرقِ وسطیٰ کے دیگر ممالک پر جوہری ہتھیار داغ سکتا تھا، جوہری تباہی برپا ہو سکتی ہے، اور وہ ہمارے شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے تھے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایرانی میزائل یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اگرچہ ایرانی میزائل امریکہ تک نہیں پہنچ سکتے، لیکن یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت ضرور رکھتے ہیں، اگر ہم مضبوط اور دانشمندانہ مقف اختیار نہ کرتے تو ایسا بھی ہوسکتا تھا۔انہوں نے ایرانی قیادت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ ان رہنماں کو جانتے ہیں اوران کے بقول وہ غیر معمولی طور پر غیر معقول ہیں، اسی لیے امریکا ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ٹرمپ نے مزید کہا کہ واشنگٹن کو خطے کے ممالک کی حمایت جاری رکھنی چاہیے، یہاں تک کہ وہ اپنی حفاظت اور دفاع کے لیے خود اتنے مضبوط نہ ہوجائیں۔ دریں اثنا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کومشرقِ وسطیٰ میں تعینات امریکی افواج سے ٹیلیفون پر گفتگو کے دوران دعویٰ کیا ہے کہ روس اور چین کی جانب سے ایران کو اہم نوعیت کی انٹیلی جنس معلومات فراہم نہیں کی جارہیں۔صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ حال ہی میں چینی صدر شی جن پنگ اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ ملاقات کے دوران ایران کے ساتھ جنگ کا موضوع بھی زیرِ بحث آیا۔چینی صدر کے ساتھ ملاقات کے متعلق بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر شی کے ساتھ میری ملاقات شاندار رہی۔ میرے خیال میں ایران کے معاملے میں ان کی بہت محدود شمولیت ہے۔ وہ کسی حد تک شامل ہو سکتے ہیں، لیکن میرے نزدیک شمولیت کا مطلب فائرنگ یا براہِ راست فوجی کارروائی ہے، نہ کہ ایران کو چند معلومات فراہم کرنا۔انھوں نے مزید کہا کہ ویسے ہم بھی یہی کرتے ہیں۔ جب وہ کہتے ہیں کہ وہ ہم پر جاسوسی کر سکتے ہیں تو مجھے کہنا پڑتا ہے کہ ہم بھی ان پر جاسوسی کرتے ہیں۔ ممکن ہے ہم ان سے بہتر جاسوسی کرتے ہوں۔روس کے ایران کے ساتھ معلومات کے تبادلے کے متعلق ان کا کہنا تھا کہ مجھے نہیں لگتا کہ وہ انھیں زیادہ معلومات دے رہے ہیں۔امریکی صدر کا مزید کہا کہ دونوں ممالک ایران کے ساتھ جاری تنازع کے خاتمے کے خواہاں ہیں۔میرے خیال میں وہ اس معاملے میں میری حمایت کرتے ہیں۔

07

انتہائی افسوسناک ہے۔ان کے انتقال سے خاندان ایک اہم شخصیت سے محروم ہوگیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

08

مقامات کا انتخاب کیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان بینرز کو دیکھ سکیں اور ملک کے لیے نمایاں خدمات انجام دینے والی علمی و سائنسی شخصیات کی خدمات سے آگاہی حاصل کرسکیں۔مزید برآں، آویزاں کیے گئے بینرز کی تصاویر اور ویڈیو کلپس بھی سرکاری دستاویزات اور میڈیا تشہیر کے لیے مرتب کیے جا رہے ہیں۔ضلعی انتظامیہ جعفرآباد قومی شخصیات کی خدمات کو اجاگر کرنے اور حکومتی ہدایات پر مؤثر عملدرآمد کے لیے تمام متعلقہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔

09

نہیں ہوئی۔لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ سے غیر متعلقہ اشخاص کو نکال کر ان کے کارڈ بحال کیے جائے۔احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ بحال کرتے ہوئے غیر متعلقہ اشخاص کو خاندانی ریکارڈ سے نکال دیا۔اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

10

نے جمعہ کے روز عدالتوں کا کامیاب بائیکاٹ کیا' یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر علاؤالدین خلجی،عبدالغنی کاکڑ بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ سیاسی رہنماؤں اور منتخب عوامی نمائندوں کے ساتھ اس طرح کا رویہ جمہوری اقدار اور آئینی حقوق کے منافی ہے۔حکومت کو چاہیے کہ سیاسی اختلافات کو انتقامی کارروائیوں کے بجائے مذاکرات اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کرے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پرانہیں اپنے گرفتار قائدین سے ملاقات کی اجازت دے تاکہ ان کے حالات معلوم کیے جاسکیں اور قانونی وسیاسی امور پر مشاورت کی جاسکے۔خلیل احمد ایڈووکیٹ اور ولی خان ناصر نے واضح کیا کہ اگر حکومت نے قائدین سے ملاقات کی اجازت نہ دی تو جمعیت علماء اسلام کی قیادت سے مشاورت کے بعد احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری اپنے قائدین اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی اور کسی بھی غیر آئینی اقدام کے خلاف اپنا احتجاج جاری رکھے گی۔

11

موجودہ ذمہ داری سنبھالنے کے بعد پاکستان کے پہلے دورے پر خیر مقدم کیا۔انہوں نے پاکستان میں آئی ایف سی کے پورٹ فولیو میں نمایاں وسعت اور حکومت کے ساتھ اس کے بڑھتے ہوئے روابط کو سراہا۔انہوں نے حالیہ عرصے میں تعاون کے فروغ پر اطمینان کا اظہار کیا۔

12

علی احمد نچاری LS منیر مینگل LS حاجی خیر جان شاہوانی۔LS محمد رحیم نچاری سمیت کیسکو، محکمہ تعلیم اور نادرا کے دیگر متعلقہ اہلکاروں نے شرکت کی۔اجلاس میں کل سے شروع ہونے والے کیسکو کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کے انتظامات، امیدواروں کی سہولت، سکیورٹی اور انٹرویو کے عمل کو شفاف بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ انٹرویوز کے تمام مراحل کو شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ کے مطابق یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ کیسکو، محکمہ تعلیم، نادرا اور پولیس فورس باہمی رابطے اور تعاون سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں تاکہ انٹرویو کے عمل میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا جانبداری کی گنجائش نہ رہے اور کسی بھی امیدوار کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام امیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کرنا اور میرٹ کی بالادستی یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ متعلقہ محکمے انٹرویوز کے دوران نظم وضبط، سیکیورٹی اور انتظامی امور کو یقینی بنائیں تاکہ امیدواروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

13

ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن پی ڈی ایم اے بلوچستان نوید احمد شیخ نے گزشتہ روز اسلام آباد میں خشک سالی سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات اور ہنگامی منصوبہ بندی کے موضوع پر منعقدہ اہم ورکشاپ میں بطور مدعو مہمان مقرر شرکت کی۔ ورکشاپ میں ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ، رسک فائننگ اور پیشگی اقدامات کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے اہم اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔اس اہم فورم کا مقصد خشک سالی سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات اور ہنگامی منصوبہ بندی کو نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنا تھا۔ورکشاپ نے مختلف اداروں کے درمیان تکنیکی معلومات، تجربات اور بہترین عملی طریقہ کار کے تبادلے کے ساتھ باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن نوید احمد شیخ نے بلوچستان میں خشک سالی کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ پیش کرتے ہوئے پی ڈی ایم اے بلوچستان کے ہنگامی منصوبہ بندی کے فریم ورک، تیاریوں، پیشگی اقدامات اور مؤثر ردعمل کی حکمت عملیوں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔انہوں نے بلوچستان میں خشک سالی کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کے لیے بروقت منصوبہ بندی، ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پریزنٹیشن کے دوران صنفی بنیادوں پر تشدد (GBV) سے متعلق اہم پہلوؤں پر جناب حماد الحق نے اظہار خیال کیا۔ انہوں نے خشک سالی اور دیگر ہنگامی حالات میں خواتین، لڑکیوں اور کمزور طبقات کو درپیش خطرات کی روک تھام، تحفظ اور امدادی سرگرمیوں میں ان کی شمولیت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے واضح کیا کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی منصوبہ بندی میں تحفظ، سلامتی اور صنفی حساس اقدامات کو بنیادی اہمیت حاصل ہونی چاہیے۔پی ڈی ایم اے بلوچستان وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل خان قادر کی ہدایات کے مطابق قدرتی آفات کے ممکنہ اثرات کو کم کرنے، بروقت اور پیش گوئی پر مبنی اقدامات کو فروغ دینے اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اتھارٹی اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ خشک سالی کے اثرات سے تحفظ، مضبوط اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت رکھنے والے بلوچستان کے قیام کے لیے قومی و صوبائی اداروں کے ساتھ شراکت داری اور باہمی تعاون کو مزید مستحکم بنایا جائے گا۔

14

انتظامی بہتری وعوامی سہولت کو یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں صحت کی سہولیات، طبی عملے کی حاضری اور ہسپتالوں و مراکز صحت کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران غیر حاضر طبی عملے، ادویات کی فراہمی اور اے آئی (AI) حاضری کے نظام سے متعلق احکام نے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے، ادویات کی بروقت فراہمی اور صحت کی سہولیات میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں اور صحت کے شعبے میں انتظامی بہتری وعوامی سہولت کو یقینی بنائیں۔

15

سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کمپنی کی جانب سے اوقات کار کا اعلان کرنے کے باوجود شہریوں کو گیس میسر نہیں، خواتین، بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو سردی میں سخت اذیت برداشت کرنا پڑ رہی ہے، گھریلو امور متاثر ہیں اور عوام مہنگے متبادل ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں، مگر متعلقہ ادارے عوامی مشکلات کا ادراک کرنے کے بجائے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ ایک طرف کوئٹہ کے عام شہری گیس کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، جبکہ شہر کے فوڈ پوائنٹس پر ہر وقت گیس دستیاب ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جو متعلقہ اداروں کی کارکردگی اور گیس کی منصفانہ تقسیم پر کئی سوالات اٹھاتی ہیں۔ اگر تجارتی مراکز اور فوڈ پوائنٹس کو گیس فراہم کی جاسکتی ہے تو گھریلو صارفین کو اس بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے سات منتخب ایم پی ایز بھی اس سنگین عوامی مسئلے کو حل کرانے میں ناکام رہے ہیں، عوام نے اپنے نمائندوں کو مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کے لیے منتخب کیا ہے، لیکن گیس کی مسلسل عدم دستیابی سے شہریوں میں مایوسی اور بے چینی بڑھ رہی ہے۔ صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی نے گیس حکام اور متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کے نظام کو فوری بہتر بنایا جائے، اعلان کردہ شیڈول پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور گھریلو صارفین کو ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہم کی جائے، تاکہ شدید سردی میں شہریوں کو مزید مشکلات اور اذیت سے نجات مل سکے۔

16

6 لاکھ روپے بتائی گئی ہے تفصیلات کے مطابق 26 نومبر 2026 کو چیف کلکٹر کسٹمز (انفورسمنٹ) کی ہدایات پر حساس اور ممکنہ اسمگلنگ کے راستوں پر نگرانی مزید سخت کرتے ہوئے ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن خضدار کے عملے نے چیک پوسٹ سورگز پر ایک مسافر کوچ کو روک کر تلاشی لی۔اس دوران کوچ کے سامان رکھنے والے حصے میں ایک ٹوکری سے پلاسٹک میں لپٹے دو پیکٹ برآمد ہوئے، جن میں تقریباً دو کلوگرام مشتبہ آئس موجود تھی۔دورانِ تحقیقات کوچ کے کنڈکٹر نے دو مسافروں کی نشاندہی کی، جنہوں نے مچھکور سے سفر شروع کیا تھا اور مبینہ طور پر مذکورہ ٹوکری ان کے سامان میں شامل تھی۔دونوں مسافروں کو مزید تحقیقات کے لیے اتار لیا گیا، جبکہ کنڈکٹر کو بطور گواہ شامل کیا گیا۔کسٹمز حکام کے مطابق برآمد شدہ منشیات کو اسٹیٹ ویئر ہاس خضدار میں جمع کرادیا گیا ہے، جبکہ کیمیائی تصدیق کے لیے نمونے متعلقہ لیبارٹری بھجوادیے گئے ہیں۔

17

پروگرام اور آگاہی ریلی کی قیادت کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام میں ٹرانسپورٹ یونین کے رہنماں عبدالقادر استاد اور ہدایت درویش سمیت نعمت خان، سعید آغا، عطا محمد، باز محمد، یونس، اللہ اختر، انقلابی بخش کرد، محمد عمر اور دیگر مزدور رہنماں نے شرکت کی۔ پیر محمد کاکڑ اور دیگر مقررین نے کہا کہ ڈرائیورز اور کلینرز ٹرانسپورٹ نظام کو فعال رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ان کی محنت اور خدمات کے بغیر مسافروں، اشیائے ضروریہ اور تجارتی سامان کی نقل وحرکت ممکن نہیں۔

18

جاموٹ، ضلعی پولیو ایمپلیمنٹیشن ایسوسی ایٹ (ACASUS) کے ایمرجنسی آپریشن سینٹر کا دورہ کیا۔ اجلاس میں نومبر کی ذیلی انسدادِ پولیو مہم (NOVSNID) کے بعد کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ (پوسٹ کیمپئن اسیسمنٹ) لیا گیا اور دسمبر میں شروع ہونے والی آئندہ مہم کے شیڈول اور پیشگی تیاریوں (کاؤنٹ ڈاؤن سرگرمیوں) پر غور وخوض کے بعد انہیں مزید چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنے کا اہم فیصلہ کیا تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہ رہے۔اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے پولیو ورکرز کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ قومی جذبے سے سرشار پولیو ورکرز ہمارے اصل ہیروز ہیں، جو دشوار گزار اور دور دراز علاقوں میں جا کر قوم کے مستقبل کے معماروں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے حفاظتی قطرے پلانے کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع بشر کو پولیو سے مکمل طور پر پاک رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور مہم کے دوران بروقت اور مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

19

فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔دورہ کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، دستیاب طبی وسائل، علاج معالجے کی سہولیات، ادویات کی فراہمی، درپیش مسائل اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ ڈپٹی کمشنر کو گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے ضلعی سطح پر صحت کے شعبے میں جاری اقدامات اور متعلقہ امور سے آگاہ کیا ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور سیکرٹری صحت نے کے ایمرجنسی، او پی ڈی، جنرل وارڈز، لیبارٹری اور فارمیسی سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور طبی آلات کی فعالیت، ضروری ادویات کی دستیابی، تشخیصی سہولیات، مریضوں کی دیکھ بھال اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیرِ علاج مریضوں کی عیادت بھی کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں عوام کو بلا امتیاز معیاری، بروقت اور قابلِ رسائی طبی سہولیات فراہم کرنا شامل ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کے معیار کو بہتر بنانے، طبی وسائل کی مؤثر فراہمی اور صحت کے نظام کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے ہسپتال انتظامیہ اور ڈاکٹرز، نرسز و دیگر میڈیکل اسٹاف کو ہدایت کی کہ اپنی حاضری یقینی بناتے ہوئے پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، مریضوں کو بروقت طبی امداد، ضروری ادویات اور معیاری تشخیصی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے صفائی ستھرائی، نظم وضبط اور مریضوں کے ساتھ بہتر رویے کو بھی یقینی بنانے پر زور دیا دورہ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور سیکرٹری صحت نے ہسپتال میں زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا بھی معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور تکمیل سے متعلق امور کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

20

کہا کہ فضل الرحمان کے ساتھ ہونے والے واقعے پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا، کوشش ہوگی ڈائیلاگ کے ذریعے حل نکلے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا اب احتجاجی سیاست کا اب متحمل نہیں ہوسکتا۔

21

ہونے والے میٹریل اور کام کی رفتار کا بھی معائنہ کیا تاکہ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔اس موقع پر ایس ڈی او بلڈنگز عاشق علی بوہڑ بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف تعمیراتی مراحل اب تک مکمل ہونے والے کاموں، جاری سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے منصوبے کے تحت تعمیراتی کاموں کی موجودہ صورتحال اور درپیش امور سے بھی آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایت کی کہ پی ایس ڈی آئی منصوبے کے تحت زیرِ تعمیر بی ایس کمپلیکس سمیت گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے تمام ترقیاتی وتعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ تعمیراتی منصوبوں میں سرکاری قواعد وضوابط منظور شدہ ڈیزائن اور نقشوں انجینئرنگ اصولوں اور تکنیکی معیار پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ تعمیراتی کاموں میں معیاری میٹریل کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

22

سردارزادہ ڈاکٹر عالمگیر خان زرکون اور پولیو پروگرام کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مانیٹرنگ پلاننگ، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر متعلقہ حکام نے مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنے محکموں کی تیاریوں اور انتظامات سے متعلق ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے، جو بچوں کی صحت اور مستقبل کو متاثر کرسکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم محض ایک محکمانہ سرگرمی نہیں بلکہ بچوں کے محفوظ مستقبل اور آنے والی نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لیے ایک اہم قومی ذمہ داری ہے، جس کی کامیابی تمام متعلقہ اداروں، محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں اور معاشرے کے مشترکہ تعاون سے ہی ممکن ہے۔انہوں نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا

پاکستان کی موجودہ قیادت ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کیلئے سرگرم عمل ہے، سید اناصر

پاکستان ثالثی اور سفارتی کوششوں کے ذریعے عالمی امن کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے

مکہ معاہدہ خطے اور دنیا میں امن و استحکام کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہو سکتا ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

ٹورنٹو (یو این اے) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الٰہی خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان کی موجودہ قیادت ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے سرگرم عمل ہے، پاکستان تنازعات کے حل، مذاکرات کے فروغ اور پائیدار امن کے قیام کا حامی ہے جبکہ عالمی تنازعات کے پرامن حل کے لیے مکالمہ، باہمی احترام اور سفارتی روابط ناگزیر ہیں۔ ٹورنٹو آمد پر پاکستانی کمیونٹی، سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیات اور صحافیوں نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الٰہی خان ناصر کا پرتپاک استقبال کیا۔ ان کے اعزاز میں استقبالیہ تقریبات اور عشائیوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں اور عالمی امن کے قیام کے لیے کردار کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7 پر)



ٹورنٹو: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الٰہی خان ناصر نے ٹورنٹو میں پاکستانی کمیونٹی رہنماؤں کے ساتھ اجلاس کیا، جس میں پاکستان کی ترقی، امن و خوشحالی اور اوورسیز پاکستانیوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کا انتقال بڑا صدمہ ہے، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نواب محمد اسلم خان رئیسانی کے بھائی نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کے انتقال کی خبر

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

جعفر آباد کے اہم مقامات پر ممتاز پاکستانی سائنسدان کی خدمات کے اعتراف میں بینرز آویزاں

ضلعی انتظامیہ جعفر آباد کا قومی و سائنسی خدمات انجام دینے والی شخصیت کو خراج تحسین

جعفر آباد (خ ن) حکومتی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کی زیر نگرانی ضلع بھر کے اہم، نمایاں اور عوامی مقامات پر پاکستان کے ممتاز سائنسدان کی قومی و سائنسی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے خصوصی فلیکس بینرز آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ضلع کے اہم چوراہوں، مرکزی شاہراہوں اور دیگر نمایاں

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار جمعہ خان کا بلاک شدہ شناختی کارڈ کھلوا دیا گیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار جمعہ خان نے بتایا کہ ان کے خاندانی ریکارڈ میں دو اجنبی لوگ شامل ہو گئے تھے۔ جن کی وجہ سے ان کے قومی شناختی کارڈ بلاک ہو چکے تھے۔ ان غیر متعلقہ اشخاص کو اپنی خاندانی ریکارڈ سے نکالنے اور اپنے شناختی کارڈ کے بحالی کے لیے انہوں نے متعدد بار کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے۔ تمام ثبوت پیش کیے لیے کوئی شنوائی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7 پر)

جے یو آئی کے صوبائی امیر اور اراکین اسمبلی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، جمعیت وکلاء فورم

وکلاء کا جمعہ کے روز عدالتوں کا کامیاب بائیکاٹ، قائدین سے ملاقات کی اجازت نہ دی گئی تو سخت احتجاج کریں گے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام لائرز فورم کے صدر خلیل احمد ایڈووکیٹ اور کور کمیٹی کے چیئرمین ولی خان ناصر نے کہا ہے کہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے، جے یو آئی کے صوبائی امیر اور اراکین اسمبلی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، جمعیت وکلاء فورم کے صدر خلیل احمد ایڈووکیٹ اور کور کمیٹی کے چیئرمین ولی خان ناصر نے کہا ہے کہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے، جے یو آئی کے صوبائی امیر اور

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)

ملک میں آمریت کی فضاء قائم کرنے نہیں دینگے اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

مولانا فضل الرحمان سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاریوں پر شدید تشویش کا اظہار، سیاسی انتقامی کارروائیاں بند اور گرفتار افراد کو فوری رہا کیا جائے، میر یونس عزیز زہری، مولانا عبدالواسع

حکومت کو چاہیے کہ وہ سیاسی معاملات کو مذاکرات اور افہام وتفہیم کے ذریعے حل کرے اور ایسے اقدامات سے گریز کرے جن سے جمہوری ماحول متاثر ہو، میر زابد علی ریکی، فضل قادر مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے اراکین صوبائی اسمبلی اور اپوزیشن لیڈر نے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاریوں اور ان کے خلاف ہونے والی کارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں اور ان کے کارکنوں کو جمہوری، آئینی اور سیاسی سرگرمیوں کا حق حاصل ہے، پرامن سیاسی جدوجہد کو طاقت کے ذریعے دبانے کی کوششیں جمہوری اقدار کے منافی ہیں حکومت ہوش کے ناخن لیں طاقت کے استعمال سے ملک میں استحکام نہیں آئیگا یہ ملک جمہوری ملک ہے یہاں بزور طاقت امریت کی فضاء قائم نہیں کرنے دینگے' ان خیالات کا اظہار رکن بلوچستان اسمبلی و اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری' سینیٹر و

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)



گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو میونسپل کارپوریشن گوادر میں ادارے سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

پاکستان اور آئی ایف سی کے درمیان ترجیحی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ نے انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے ریجنل نائب صدر عماد فاخوری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور آئی ایف سی کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے عماد فاخوری کا ان کی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

پی ڈی ایم اے بلوچستان کی خشک سالی سے نمٹنے اور ہنگامی منصوبہ بندی پر ورکشاپ میں شرکت

پیشگی اقدامات، ادارہ جاتی استعداد کار اور کمزور طبقات کے تحفظ پر زور، نوید احمد شیخ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ڈائریکٹر جنرل صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی جہانزیب خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں قدرتی آفات سے نمٹنے، پیشگی اقدامات کو مؤثر بنانے اور ہنگامی صورتحال میں عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلات میں کیسکو کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے انٹرویوز کی تیاریوں کے لیے اہم اجلاس منعقد

ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کی انٹرویوز کو شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ کے مطابق بنانے کی ہدایت

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیرِ صدارت کیسکو کی خالی آسامیوں پر انٹرویوز کی تیاریوں کے سلسلے میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسین کیسکو عیسیٰ جان بنگلزئی، ایس ڈی او سردار بشیر احمد محمد شہی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ثناء اللہ، نادرا آفس انچارج ماہ نور، پولیس انسپکٹر کریم بخش سالانی، انسپکٹر

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، طبی سہولیات کا جائزہ

طبی عملے کی حاضری، اے آئی نظام اور ادویات کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں صحت کی سہولیات، طبی عملے کی حاضری اور ہسپتالوں و مراکز صحت کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران غیر حاضر طبی عملے، ادویات کی فراہمی اور اے آئی (AI) حاضری کے نظام سے متعلق حکام نے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے، ادویات کی بروقت فراہمی اور صحت کی سہولیات میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں اور صحت کے شعبے میں

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 7 پر)

گیس کی عدم دستیابی سے عوام اذیت میں مبتلا ہیں، سید امان شاہ

کوئٹہ میں سردی کے باوجود گیس کی عدم دستیابی عوام کے ساتھ ظلم ہے، صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کوئٹہ میں سردی کی شدت کے باوجود گیس کی عدم دستیابی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری شدید سرد موسم میں گیس کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جبکہ گیس کمپنی کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق بھی گھروں میں گیس دستیاب نہیں ہوتی، جس

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7 پر)

کسٹم کی خضدار کے قریب کارروائی، مسافر کوچ سے 13 کروڑ 66 لاکھ روپے مالیت کی آئس برآمد

ایم ایٹ روڈ چیک پوسٹ سورگز پر پنجگور سے لاڑکانہ جانے والی کوچ کی تلاشی، دو مشتبہ مسافر گرفتار، مقدمہ درج

خضدار (یو این اے) پاکستان کسٹمز (انفورسمنٹ) گڈانی کے ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن خضدار نے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایم ایٹ روڈ پر چیک پوسٹ سورگز کے مقام پر پنجگور سے لاڑکانہ جانے والی مسافر کوچ سے تقریباً 2 کلوگرام آئس (میتھ ایمفیٹامین) برآمد کرلی، جس کی عالمی مارکیٹ میں مالیت تقریباً 13 کروڑ

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈرائیورز، کلینرز، مزدوروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائیں گے، پیر محمد کاکڑ

عالمی یوم پائیدار ٹرانسپورٹ کے موقع پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے زیر اہتمام ریلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پائیدار ٹرانسپورٹ کا حقیقی تصور اسی وقت مکمل ہو سکتا ہے جب ڈرائیورز اور کلینرز کے بنیادی حقوق، روزگار کا تحفظ، محفوظ کام کا ماحول اور سماجی و معاشی فلاح و بہبود یقینی بنائی جائے، ٹرانسپورٹ کے شعبے سے وابستہ محنت کش ملکی معیشت اور سفری نظام میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، مگر انہیں آج بھی ملازمت کے عدم تحفظ، طویل اوقاتِ کار، نامناسب ماحول اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یومِ پائیدار ٹرانسپورٹ کے موقع پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان سے ملحقہ آل مشترکہ بلوچستان ڈرائیورز و کلینرز ٹرانسپورٹ یونین کے زیرِ اہتمام جبل نور بس اڈہ کوئٹہ میں منعقدہ خصوصی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7 پر)



جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام احتجاجی جلسہ سے مولانا عبدالرحمٰن رفیق، آغا محمود شاہ، مفتی روزی خان، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، حاجی عین اللہ شمس، حافظ حسین احمد شرودی، مفتی محمد احمد، ندا اسنگر، ثناء اللہ کاکڑ اور ملک خلیل خطاب کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن زیر سیکیورٹی ہیں تو انہیں فوری رہا کیا جائے، سیرگوہر

یہ غیر جمہوری اقدامات ہیں، جن سے جمہوریت کو نقصان پہنچتا ہے جبکہ معاشرے میں کشیدگی اور نفرت کو فروغ ملتا ہے

ملک میں کشیدگی کم کرنے اور جمہوری ماحول برقرار رکھنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آء بیرسٹر گوہر علی خان نے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کو سرگودھا میں کنونشن میں شرکت سے روکنے، ان کی مبینہ حراست کی کوشش اور ان کی گرفتاریوں سمیت کارکنوں اور ارکانِ پارلیمان کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کا راستہ بند کر کے انہیں سرگودھا کے کنونشن میں شرکت سے روکنا اور ان کے بھائی، کارکنوں اور ارکانِ پارلیمان کو گرفتار یا حراست میں لینا قابلِ مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ غیر جمہوری اقدامات ہیں، جن سے جمہوریت کو نقصان پہنچتا ہے جبکہ معاشرے میں کشیدگی اور نفرت کو فروغ ملتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ بات

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7 پر)

مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ہونیوالے واقعے پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا، گورنر کے پی

گوادر، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان میرٹ پر نئے منتخب سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو تعیناتی آرڈرز دے رہے ہیں

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا اس پر پنجاب حکومت سے رابطہ کروں گا۔ پشاور میں ڈیجیٹل انٹرن شپ پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ نوجوان صرف تبدیلی کو قبول نہ کریں بلکہ اس میں فعال کردار بھی ادا کریں۔ گورنر کے پی نے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار

واشنگٹن (اے این این) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر حملوں کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں رواں ماہ کی بلند ترین سطح کے قریب پہنچ گئیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں نے بھی تیل کی برآمدات متاثر ہونے کے خدشات بڑھا دیئے ہیں۔ عالمی معیار برینٹ خام تیل کے سودوں کی قیمت 38 سینٹ یا 0.39 فیصد کمی کے بعد 96.19 ڈالر فی بیرل رہی۔ اس سے ایک روز قبل برینٹ کی قیمت میں تقریباً 2 ڈالر اضافہ ہوا تھا اور یہ 6 نومبر کے بعد بلند ترین سطح پر بند ہوا

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد گرلز ڈگری کالج کی تعمیر مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

ترقیاتی منصوبوں میں غیر معیاری میٹریل کا استعمال برداشت نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پالل نے بی ایس ڈی آئی BSDI منصوبے کے تحت زیرِ تعمیر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج اُستا محمد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کالج کی زیرِ تعمیر عمارت کے مختلف حصوں جاری تعمیراتی سرگرمیوں اور منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کاموں کے معیار استعمال

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوہلو میں انسداد پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ

پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس طیب اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق کاکڑ، ڈبلیو ایچ او کے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی کی جانب سے ذکواۃ مستحقین اور بچوں میں گرم کمبل اور جیکٹ تقسیم کئے جارہے ہیں

غزہ میں اسرائیلی حملے جاری، 48 گھنٹوں کے دوران مزید 19 فلسطینی شہید

گزشتہ برس 11 اکتوبر کو نافذ ہونے والی جنگ بندی کے بعد سے اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی مجموعی تعداد 1، 705 تک جا پہنچی ہے

7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل کی جانب سے مسلط کی گئی جنگ کے آغاز سے اب تک غزہ میں مجموعی طور پر 74 ہزار 772 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق ہو چکی ہے

غزہ (اے این این) غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملوں کا سلسلہ نہ تھم سکا، گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران مزید 19 فلسطینی شہید ہو گئے۔ فلسطینی وزارت صحت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ برس 11 اکتوبر کو نافذ ہونے والی جنگ بندی کے بعد سے اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی مجموعی تعداد 1، 705 تک جا پہنچی ہے۔ وزارت صحت نے مزید بتایا کہ 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل کی جانب سے مسلط کی گئی جنگ کے آغاز سے اب تک غزہ میں مجموعی طور پر 74 ہزار 772 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق ہو چکی ہے جبکہ 1 لاکھ 76 ہزار 298 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملوں کا سلسلہ نہ تھم سکا، گزشتہ 48

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ

اسلام آباد (اے این این) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری منسوخ

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

جب ہمیں دیوار سے لگایا گیا تو سب چپ رہے، ان کی بھی باری آئیگی، علی امین گنڈاپور

ملک میں حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہوگی جب قانون پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے سیاسی جماعتوں کو خبردار کیا جب ہمیں دیوار سے لگایا گیا تو سب چپ رہے، ان کی باری آئیگی، میڈیا سے گفتگو

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کی زیر صدارت خریف سیزن کے سرکاری واجبات کی وصولی پر اجلاس

بقایا سرکاری واجبات کی ہر صورت و بروقت وصولی یقینی بنانے کی سخت ہدایت

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت ضلع جعفر آباد میں خریف سیزن کے دوران حاصل ہونے والی فصلوں پر عائد سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تحصیلداران سلطان احمد کھوسہ عبداللہ لاشاری اور محکمہ ریونیو کے متعلقہ عملے نے شرکت کی، اس موقع پر متعلقہ افسران نے سرکاری واجبات کی وصولی سے متعلق اب تک کی پیش رفت اور بقایاجات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو فرداً فرداً بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے واضح ہدایات جاری

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور سیکرٹری صحت کا گوادر ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کا معیار بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، حکام

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور صوبائی حکومت کی صحت عامہ سے متعلق پالیسی کے تحت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے میر عبدالغفور لہڑی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، انتظامی امور اور مریضوں کو

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

نیشنل پارٹی کے وفد کی ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن سے ملاقات

کلی شابو اور عالمو کے عوامی و شہری مسائل فوری حل کرنے کی یقین دہانی

کوئٹہ (اے این این) نیشنل پارٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری علی احمد لانگو اور کوئٹہ ایسٹ کے آرگنائزر ریاض زہری نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد خرتیج سے ملاقات کی، جس میں کلی شابو، عالمو اور گردونواح کے مختلف شہری و عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران نیشنل پارٹی کے وفد نے ایڈمنسٹریٹر کو کلی شابو اور عالمو کے برساتی نالے کی صفائی نہ ہونے، شابو میں کھلے مین ہولز کے باعث حادثات کے خدشات اور بروری



گوادر، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ میرٹ پر نئے منتخب سیکنڈری اسکول ٹیچرز کو تعیناتی آرڈرز دے رہے ہیں

حبہ چوہدری کے کاکڑ کہلانے کا معاملہ ہائیکورٹ پہنچ گیا

کوئٹہ (یو این اے) حبہ چوہدری کی جانب سے خود کو کاکڑ قبیلے سے منسوب کرنے کا معاملہ بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ ایڈووکیٹ نثار کاکڑ نے حبہ چوہدری کی جانب سے اپنی شناخت کاکڑ قبیلے سے کرانے کے خلاف عدالت سے رجوع کیا ہے۔ عدالت نے درخواست پر سماعت کے لیے 30 نومبر کی تاریخ مقرر کرتے ہوئے حبہ چوہدری کو طلب کر لیا ہے۔ حبہ چوہدری کی جانب سے خود کو کاکڑ قبیلے سے منسوب کرنے کا معاملہ بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ ایڈووکیٹ نثار کاکڑ نے حبہ چوہدری کی جانب سے اپنی شناخت کاکڑ قبیلے سے کرانے کے خلاف عدالت سے رجوع کیا ہے۔ عدالت نے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنوبی کوریا کا ایران کے خلاف جنگ میں شرکت سے انکار

سیئول (اے این این) جنوبی کوریا نے ایران کے خلاف جنگ میں شرکت سے انکار کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ نے عباس عراقچی سے ٹیلی فونک گفتگو کی، دونوں وزرائے خارجہ نے دوطرفہ امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیر خارجہ جنوبی کوریا کا کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل کی جنگ میں مداخلت کا ارادہ

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

غیر ملکی وفود کی اسلام آباد آمد کے پیشِ نظر ہسپتال ہائی الرٹ

اسلام آباد (یو این اے) غیر ملکی وفود کی اسلام آباد آمد کے پیشِ نظر وفاقی دارالحکومت کے مرکزی سرکاری

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلات میں 12 دسمبر سے چار روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگی

ضلع قلات میں 40 ہزار 269 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو مہم سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ایم ایس ڈاکٹر سومار خان ڈی ایم پی ایچ آئی ذین العابدین ڈی ایس پی قلات شکیل عمرانی سمیت محکمہ صحت قلات اور دیگر تمام محکموں کے سربراہان ڈبلیو ایچ او

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر نارتھ فری زون میں کھاد تیار کرنے والی کمپنی کا محکمہ زراعت کے حکام کا دورہ

کھاد کی تیاری اور ترسیل میں قانونی تقاضوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مسعود احمد بلوچ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن اور سیکرٹری زراعت داؤد احمد خلجی کی سرپرستی میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت توسیع بلوچستان مسعود احمد بلوچ نیگوادر نارتھ فری زون میں قائم ایگری فرٹیلائزرز مینوفیکچرنگ کمپنی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمپنی کی سرگرمیوں، کھاد کی تیاری اور ترسیل کے نظام سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کیخلاف جنگ میں فتح کے قریب تہران کو موقع دے رہے ہیں ٹرمپ

ایران کے پاس ایسے میزائل موجود ہیں جو یورپ تک پہنچ سکتے ہیں، مشرق وسطیٰ میں امن نہ ہوا تو ایٹمی تباہی ہوگی

چین اور روس ایران کو اہم نوعیت کی انٹیلی جنس معاونت فراہم نہیں کر رہے، تھینکس گیونگ کے موقع پر گفتگو

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کی فتح قریب ہے تاہم وہ تہران کو معاہدے کا ایک موقع دے رہے ہیں تاکہ مزید جانی نقصان سے بچا جا سکے، ایران کے پاس ایسے میزائل موجود ہیں جو یورپ تک پہنچ سکتے ہیں، مشرق وسطیٰ میں امن نہ ہوا تو ایٹمی تباہی ہوگی، چین اور روس ایران کو اہم نوعیت کی انٹیلی جنس معاونت فراہم نہیں کر رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امریکی ریاست فلوریڈا میں تھینکس گیونگ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ صدر ٹرمپ نے اشارہ دیا کہ جنگ میں فتح کے وقت کا تعین ان کا اپنا فیصلہ ہوگا، سچ پوچھیں تو یہ فتح جب میں چاہوں گا تب حاصل ہو جائے گی۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ان کی انتظامیہ نے ایران لئے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7 پر)

خواتین کو تعلیم و ہنر سے بااختیار بنانا ناگزیر ہے، عبدالرزاق ساسولی

مضبوط اور پرامن خاندان ہی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (یو این اے) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرازق ساسولی نے کہا ہے کہ خاندان معاشرے کی بنیادی اکائی ہے اور اگر خاندان تعلیم یافتہ مضبوط اور پرامن ہوگا تو پورا معاشرہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا انہوں نے انتہا پسندی ہر قسم کے تشدد کے مکمل خاتمے اور خواتین کو تعلیم و ہنر کے ذریعے بااختیار بنانے کی اہمیت کو اجاگر کیا پاکستان پاور ٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے ز